THE BOOK WAS DRENCHED

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188562
UNIVERSAL
LIBRARY

کتب خانہ
کلیہ جامعہ عثمانیہ

سلطنت عثمانیہ کی موجودہ حالت

اور

اوسکی باجگذار ریاستین

جس مین سلطنت عثمانیہ اور مصر۔ قبرس۔ بلگیریا۔ ٹیونس۔ سموس اور بوسینا وہرزی گوینا کے ہر ایک ملکی صیغہ تجارت رقبہ و آبادی فوجی و بحری طاقت طرز آئین و حکومت سررشتہ تعلیم ریلوے قرضجات قومی اور صنعت و حرفت کی موجودہ کیفیت شرح و بسط کے ساتھ واضح کیگئی ہے

مرتبہ

مولوی محمد انشاء اللہ زمیندار انعام آباد ضلع گوجرانوالہ

بار اول ۱۸۹۷ء

مطبع روز بازار امرتسر مین شیخ غلام محمد صاحب منشی فاضل کے اہتمام سے شائع ہوا

١٩٨٥

٩٤٩٢٦

التماس

اس رسالہ کو جسمین سلطنت عثمانیہ کے تمام ملکی صیغون تجارت وصنعت وحرفت قومی قرضونکی موجودہ کیفیت جسکی وہ سنہ ۱۸۹۶ء مین تھی درج کرنیکے علاوہ مصر ونہر سویز۔ ٹیونس۔ بلگیریا۔ قبرس وبوسینا ہرزی گوینا وساموس کی باجگذار وماتحت ریاستون اور صوبون کی موجودہ حالت بھی بیان کردی گئی ہے۔ ٹیونس اسوقت فرانس کی زیر حفاظت ہے اور بظاہر اوسکا کوئی تعلق سلطنت عظمی عثمانیہ سے نہین رہگیا لیکن مینے اوسکو باجگذار ریاستون کی ذیل مین شمار کرنیکی وجوہات اصل کتاب کے حاشیہ متعلق ٹیونس مین بتادیئے ہین اس رسالہ کو جیسا کہ رسالہ عہد حکومت سلطان عبد الحمید خان کے اکثر حواشی سے معلوم ہورہا ہے کتاب مذکور کے ساتھ بطور ضمیمہ ملحق کرنیکا ارادہ تھا مگر دونون کتابون کا اپنی اپنی جگہہ اسقدر حجم بڑہگیا کہ اسکو علیحدہ کتاب کی شکل مین شایع کرنا ضروری ہوگیا مین امید کرتا ہون کہ اس رسالہ کو میری دوسری کتابون کے ساتھ پڑہنے سے ناظرین کو سلطنت علیہ عثمانیہ کے متعلق کامل آگاہی اور واقفیت ہوجائیگی۔ والسلام۔

خاکسار۔ بندہ محمد انشاء اللہ عفی عنہ زمیندار انعام آباد ضلع گوجرانوالہ واڈیٹر اخبار وکیل امرتسر

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
فرمانروا سلطان۔	١	تجارتی جہازات اور جہازرانی۔	٣٧
اونکی اولاد واحفاد ولواحقین۔	١	صیغہ ڈاک وریلوے۔	٣٨
مختصر تاریخ۔	٢ و ٣	اوزان وپیمانے وسکے۔	٣٩
اسمائے سلاطین آل عثمان معہ سنہ جلوس	٤	ریاست بلگیریا جسکی صیغہ وار حالت بیان کیگئی ہے۔	٤١
آئین حکومت وموجودہ وزارت۔	٥	جزیرہ ساموس۔	٤٩
رقبہ وآبادی صوبہ وار۔	٧	سفراء وقونصلین۔	٥٠
صیغہ تعلیم ومذہب۔	١١	مصر کی صیغہ وار حالت ومختصر تاریخ معہ چند حواشی۔	٥١
صیغہ مال۔	١٣	صوبہ بوسینا وہرزی گوینا۔	٩١
حفاظت ملک بری وبحری طاقت معہ اسمائے جہازات	١٤	جزیرہ قبرس۔	٩٣
پیداوار اور صنعت وحرفت۔	٢٩	ٹیونس۔	٩٧
تجارت۔	٣١	ترکی بجٹ برائے ۱۹۰۷ء وموجودہ مالی حالت۔	١٠١

سلطنت عثمانیہ کی موجودہ حالت

اوسکی باجگزار اور ریاستین

(مترجمہ از سٹیٹسمین ایئر بک بابت ۱۸۹۶ء عیسوی)

فرمانروائے سلطان

اعلیحضرت خلافت قدرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسلمین سلطان عبد الحمید خان ثانی الغازی۔ جو ۲۲ ستمبر ۱۸۴۲ء مطابق ۱۶ شعبان ۱۲۵۸ ہجری المقدس متولد ہوئے سلطان عبد المجید کے خلف ثانی ہین اپنے بڑے بھائی سلطان مراد خامس کے عزل پر ۳۱ اگست ۱۸۷۶ء کو جاہ افروز مسند خلافت ہوئے +

اولاد و خاندان امیر المؤمنین

۱۔ محمد سلیم آفندی۔ ۱۱ جنوری ۱۸۷۰ء کو متولد ہوئے۔

۲۔ زکیہ سلطانہ۔ ۱۲ جنوری ۱۸۷۱ء کو پیدا ہوئین۔

۳۔ نعیمہ سلطانہ۔ ۵ اگست ۱۸۷۶ء کو پیدا ہوئین

۴۔ عبد القادر آفندی۔ ۲۳ فروری ۱۸۷۸ء کو تولد ہوئے۔

۵۔ احمد آفندی۔ ۱۴ مارچ ۱۸۷۸ء کو پیدا ہوئے

۶۔ نعیلہ سلطانہ۔ ۹ جنوری ۱۸۸۴ء کو پیدا ہوئین۔

۷۔ محمد برہان الدین آفندی۔ ۱۹ دسمبر ۱۸۸۵ء کو متولد ہوئے +

برادران و خواہران خلیفۃ المسلمین

۱۔ محمد مراد آفندی۔ ۲۱ ستمبر ۱۸۴۰ء کو پیدا ہوئے۔ ۳۰ مئی ۱۸۷۶ء کو اپنے چچا سلطان عبد العزیز شہید کے عزل پر تخت نشین ہوئے مگر بعد میں کونسل وزراء نے مرض دیوانگی کا مریض قرار دیکر ۳۱ اگست ۱۸۷۶ء کو معزول کر دیا۔

۲۔ جمیلہ سلطانہ۔ ۱۸ اگست ۱۸۴۳ء کو پیدا ہوئین۔ ۳ جون ۱۸۵۸ء کو محمود جلال الدین پاشا خلف احمد فتحی پاشا سے بیاہی گئین۔ اب بیوہ ہین +

۳۔ محمد رشاد آفندی۔ ۳ نومبر ۱۸۴۴ء کو پیدا ہوئے۔ ولیعہد یعنی شہزادہ ہے۔

۴۔ سنیہ سلطانہ۔ ۲۱ نومبر ۱۸۵۱ء کو پیدا ہوئین۔ اور محمود پاشا مرحوم پسر خلیل پاشا سے بیاہی گئین۔

۵۔ مدیحہ سلطانہ ۱۸۵۶ء مین پیدا ہوئین۔ پہلے ۱۸۷۹ء مین نجیب پاشا سے بیاہی گئین ۱۸۸۵ء مین بیوہ ہوئین۔ پہر دوبارہ ۳۰۔ اپریل ۱۸۸۶ء کو فرید پاشا سے بیاہی گئین۔

۶۔ وحید الدین آفندی ۱۸۶۱ء مین پیدا ہوئے۔

۷۔ سلیمان آفندی۔ ۱۲ جنوری ۱۸۶۱ء مین پیدا ہوئے۔[۱]

امیر المومنین خلیفۃ المسلمین سلطان عبد الحمید خان ثانی الغازی خاندان عثمان کے ۳۵ وین سلطان اور فتح اسلامبول کے بعد ۲۸ وین شہنشاہ ہین۔ خاندان عثمانیہ مین قانون وراثت اولاد ذکور کی عمر کے کم و بیش ہونیکی مطابق ہے۔ تمام اولاد جو حرم سلطانی مین خواہ آزاد یا کنیزک کے بطن سے پیدا ہو جائین اور مساوی حقوق رکھتی ہے۔ بیٹا اوسی صورت مین باپ کا جانشین ہوتا ہے جبکہ کوئی چچا یا عمزاد بہائی اوس سے بڑا عمر مین موجود نہ ہو۔

سلاطین عثمانیہ کئی صدیون سے باقاعدہ ازدواج نہین کرتے۔ حرم سرا کی خاتونین جو خواہ زرخرید ہون یا برضی خود آئین۔ زیادہ تر اون اضلاع کی ہوتی ہین جو قلمرو عثمانیہ سے باہر ہین۔ اور خاصکر سرکیشیا سے زیادہ آتی ہین ان خواتین مین سے سلاطین عموماً سات کو منتخب کرتے ہین جو قادین یعنے بیگمات حرم کہلاتی ہین۔ اور باقی اودالیک پکاری جاتی ہین۔ اور قادینونکی خادمہ متصور ہوتی ہین۔ حرم سرا کی منتظمہ ایک معمر قادین ہوتی ہے۔ اوس کا خطاب خزندار قادین ہوتا ہے۔ اور وہ خواجہ سراؤن کے سردار کی وساطت سے بیرونی دنیا سے تعلق رکھتی ہے یعنی محلسرا کیلئے تمام خرید و فروخت اوس کے ذریعہ سے کرتی ہی یہ سردار قزلر آغا کہلاتا ہے۔ اور وزیر اعظم کے برابر رتبہ رکھتا ہے۔ بلکہ شاہانہ جلوس مین وزیر اعظم سے بھی فایق مرتبہ پر ہوتا ہے۔

ترکون کا نام پہلے پہل ۱۰۴۸ء مین یوروپ مین سنا گیا جبکہ وہ تاتار سے نقل وطن کرکے آرمینیا مین پہونچے۔ مگر اونکی شہرت ۱۳۰۰ء کے قریب سے شروع ہوئی۔ بانی خاندان عثمانیہ یعنی عثمان غازی کی زیر حکومت اونہون نے ایشیا کے کئی مقامات کو فتح کیا۔ شہر نیسیا پر قبضہ کیا اور ۱۳۲۶ء مین بروصہ کو اپنا دار الخلافہ بنایا۔

---

[۱] کتاب اسٹیٹسمین ایر بک ۱۸۹۶ء کے صفحہ کے حاشیہ پر ۱۲ بہائی اور بہنون کے نام درج ہین۔ اور وہان تاریخین بھی بعض جگہ مختلف ہین سو وہ نام و تاریخین ۱۸۸۶ء کی اسٹیٹسمین ایر بک سے لیگئی تہین۔ اسلیئے ۱۸۹۶ء کی سالانہ کتاب مین باقی ۵ بہائی بہنون کے نام درج نہ ہونے سے یہ قیاس ہوتا ہے کہ وہ جوار رحمت الٰہی مین جا بسے ہونگے۔ اور کہ اختلاف تواریخ مزید احتیاط سے جو پچھلی سالانہ کتابون مین ملحوظ رکھی گئی واقعہ ہوا ہے۔ مؤلف ۱۲

یوروپ مین ترک اولاً سنہ ۷۵۷ھ (سنہ ۱۳۵۶ء) مین داخل ہوئے جب کہ اونکی ایک فوج نے جس مین دو ہزار سپاہی تہے قیصر بوطونیاطیس کو اوس کے رقیب کے برخلاف مدد دینے کیلئے باسفرس سے عبور کیا۔ چودہوین صدی کو اختتام پذیر ہونے تک اونہون نے تہسلی۔ مقدونیہ اور بلغاریا کو فتح کرلیا۔ اور تقریباً تمام مغربی ایشیا کے حکمران تسلیم کرلیئے گئے۔ قسطنطنیہ کا پہلے ترکون نے ۱۳۹۲ء مین محاصرہ کیا۔ مگر وہ فتح ۱۴۵۳ء مین ہوا۔ اور اوس وقت سے لے کر اب تک سلطنت عثمانیہ کا دار الخلافہ ہے۔

محمد ثانی فاتح قسطنطنیہ نے اوسکی فتح کے بعد طرابزون۔ والیشیا۔ بوسینیا۔ سرویا اور موریا کو فتح کیا۔ بایزید دوم اور سلیم اول کے وقت مصر قطعی طور پر فتح کیا گیا۔ اور شام۔ سرکیشیا۔ اور مالڈیویا قلمرو عثمانیہ مین شامل کئے گئے۔ ۱۵۲۲ء مین سلیمان اول نے رہوڈس کو فتح کیا۔ ۱۵۲۶ء مین ہنگری پر حملہ کیا۔ اور وائنا کا محاصرہ کیا۔ مگر یہ محاصرہ اوٹہا لینا پڑا۔ اور اوس سے بعد زمانہ کی ناہنجاریون کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ اوس وقت صرف یوروپ مین دو لاکھ تیس ہزار مربع میل ملک ترکون کے ماتحت تہا۔ مگر اوسی وقت سے سلطنت کی شوکت مین تنزل آنے لگ گیا۔ ۱۶۹۹ء مین ترک بالائی ہنگری اور صوبہ ٹرین سلونیا سے نکالدیئے گئے اور کچھ عرصہ کیلئے والیشیا اور مالڈیویا (فلاق و بغدان) بھی اون کو خالی کرنا پڑا۔ ۱۷۶۹ء مین روس سے جنگ شروع ہوئی۔ جس کا خاتمہ اسپر ہوا کہ ترکون کو کریمیا چھوڑنا پڑا۔ روسی سرحد دریائے بگ نیسپر تک بڑہ آئی صوبجات دریائے ڈینیوب یعنی والیشیا و مالڈیویا کو جزوی آزادی ملگئی۔ اور روسیون کو آبنائے ڈارڈنیلز سے اپنے بیڑہ کو بلا روک ٹوک گذارنے کا استحقاق حاصل ہوگیا۔

۱۸۰۶ء مین روس سے پہر جنگ ہوئی جس کا انجام یہ ہوا کہ ۱۸۱۲ء مین روسی سرحد اور بڑہکر دریائے پرتھ تک آگئی۔ یونانیونکی بغاوت جو ۱۸۲۱ء سے ۱۸۲۸ء تک رہی اجنبی دول کی مداخلت سے یونان کی آزادی پر ختم ہوئی۔

۱۸۳۲ء مین روس نے ٹرکی کا معاون ہوکر محمد علی پاشا گورنر مصر کی پیشقدمی کو جو قسطنطنیہ پر بڑہا چلا آتا تہا کامیابی کے ساتھ روکا۔ مگر ٹرکی کا اقتدار اوس وقت سے مصر پر برائے نام رہگیا۔

۱۸۴۱ء کے معاہدہ کے رو سے ٹرکی حقیقتاً دول عظام کے زیر حفاظت ہوگئی۔ اور اوسکی آزادی و سلامتی کی ذمہ داری لیگئی۔ ۱۸۵۳ء مین روس نے اعلان جنگ کیا۔ اور گو انگلستان و فرانس نے ٹرکی کی مدد کی۔ اور وہ خود بھی جنگی معرکون مین کامیاب رہی۔ مگر اوسکو اس جنگ سے کوئی فائدہ نہ حاصل ہوا۔

۱۸۵۸ء مین مالیشیا اور مالڈیویا نے متفق ہوکر ایکطرح سے اپنی کامل آزادی کا اعلان کردیا۔ ۱۸۷۸ء کی جنگ روس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بلغاریا۔ مشرقی رومیلیا۔ تہسلی اور مشرقی آرمینیا کا کچھ حصہ قبضہ سے نکل گئے۔ رومینیا۔ سرویا اور

نامی نیگرو قطعی آزاد ہو گئی۔ اور صوبجات بوسینیا اور ہرزی گوینا سلطنت آسٹریا ہنگری کو۔ اور قبرس انگلستان کو انتظام کے لیئے مل گئے۔

(اسمائے سلاطین آل عثمان معہ سنہ جلوس)

نام	سنہ جلوس	نام	سنہ جلوس	نام	سنہ جلوس
۱۔ عثمان	سنہ ۱۲۹۹ء	۲۔ اورخان	سنہ ۱۳۲۶ء	۳۔ مراد اول (خداوندگار)	سنہ ۱۳۶۰ء
۴۔ یلدرم بایزید	سنہ ۱۳۸۹ء	۵۔ سلیمان اول	سنہ ۱۴۰۲ء	۶۔ چلبی محمد اول جامع	سنہ ۱۴۱۳ء
۷۔ مراد ثانی	سنہ ۱۴۲۱ء	۸۔ محمد ثانی فاتح	سنہ ۱۴۵۱ء	۹۔ بایزید ثانی	سنہ ۱۴۸۱ء
۱۰۔ یاوز سلیم	سنہ ۱۵۱۲ء	۱۱۔ سلیمان ثانی صاحبقران	سنہ ۱۵۲۰ء	۱۲۔ سلیم ثانی	سنہ ۱۵۶۶ء
۱۳۔ مراد ثالث	سنہ ۱۵۷۴ء	۱۴۔ محمد ثالث	سنہ ۱۵۹۵ء	۱۵۔ احمد اول	سنہ ۱۶۰۳ء
۱۶۔ مصطفیٰ اول	سنہ ۱۶۱۷ء	۱۷۔ عثمان ثانی	سنہ ۱۶۱۸ء	۱۸۔ مراد چہارم فاتح بغداد	سنہ ۱۶۲۳ء
۱۹۔ ابراہیم	سنہ ۱۶۴۰ء	۲۰۔ محمد چہارم شکاری	سنہ ۱۶۴۹ء	۲۱۔ سلیمان ثالث	سنہ ۱۶۸۷ء
۲۲۔ احمد ثانی	سنہ ۱۶۹۱ء	۲۳۔ مصطفیٰ ثانی	سنہ ۱۶۹۵ء	۲۴۔ احمد ثالث	سنہ ۱۷۰۳ء
۲۵۔ محمود اول	سنہ ۱۷۳۰ء	۲۶۔ عثمان ثالث	سنہ ۱۷۵۴ء	۲۷۔ مصطفیٰ ثالث	سنہ ۱۷۵۷ء
۲۸۔ عبدالحمید اول	سنہ ۱۷۷۴ء	۲۹۔ سلیم ثالث	سنہ ۱۷۸۹ء	۳۰۔ مصطفیٰ چہارم	سنہ ۱۸۰۷ء
۳۱۔ محمود ثانی	سنہ ۱۸۰۸ء	۳۲۔ عبدالمجید	سنہ ۱۸۳۹ء	۳۳۔ عبدالعزیز	سنہ ۱۸۶۱ء
۳۴۔ مراد پنجم	۳۰ مئی سنہ ۱۸۷۶ء	۳۵۔ امیر المومنین عبدالحمید خان ثانی الغازی خلد اللہ ملکہ وسلطانہ	۳۱ اگست سنہ ۱۸۷۶ء		

ہر ایک سلطان کی اوسط ایام حکومت سترہ سال ہیں۔

سلطان سلیم اول عظیم الشان نے سنہ ۱۵۱۷ء میں مصر فتح کیا۔ اور اسی سال میں محمد دوازدہم خلیفہ بنو عباسیہ نے خلافت سلطان سلیم کے سپرد کی۔ اور تلوار، علم اور عبائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وبارک وسلم اسکو عطا کی۔

سلطان المعظم کی سول لسٹ (صرف خاص کی رقم) مختلفات بیان کی جاتی ہے کوئی دس لاکھ پونڈ کہتا ہے اور کوئی بیس لاکھ۔ اور کوئی ان دونوں کے بین بین۔ سرکاری املاک کا حصہ کثیر شاہی خاندان کے سپرد ہے۔ اور اون کی آمدنی اسکے مصرف میں آتی ہے چند [illegible] سے سول لسٹ کی مدات آمدنی کا انتظام درست کیا گیا ہے مگر اب بھی وہ حرم اور دربار کے اخراجات کو کافی نہیں بتائی جاتیں۔ حرم اور دربار کے متوسلین کا شمار پانچ ہزار سے متجاوز ہے

سنہ ۱۹۰۸ء کے بجٹ (موازنہ) مین مصارف سرائے سلطانی کے اخراجات کی بابت ۱۱۶۷۴۷۶۲ پیاسٹر (سو پیاسٹر برابر ہین ایک پونڈ ترکی کے) اور شہزادگان کے وظائف کی بابت ۵۰۲۱۲۷۳۲ پیاسٹر یعنی تخمینا سات لاکھ ۵۸ ہزار پونڈ انگریزی درج کیئے گئے تھے۔

آئین و حکومت

سلطنت کی تمام بنیادی قوانین احکام قرآنی پر مبنی ہین سلطان کا اختیار غیر محدود ہے۔ بشرطیکہ اوس کا حکم اصول اسلام اور احکام قرآن کے نقیض نہ ہو۔ قرآن کریم کے بعد قوانین ملتقی واجب التعمیل سمجھے جاتے ہین۔ یہ احادیث و اقوال پیغمبر سرور کائنات اور اون کے خلفائے راشدین کے فیصلہ جات اور اجتہادات کے مجموعہ کا نام ہے۔ انکی پابندی بادشاہ اور رعایا دونون پر مساوی ہے انکے علاوہ ایک اور بھی مجموعہ قانون ہے جسے قانون نامہ کہتے ہین۔ اور جس کو سلیمان عظیم الشان نے اپنے اور اپنے سے پہلے سلاطین کے قوانین سے مرتب کیا۔ اس قانون نامہ کو بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے مگر ویسی ہی عزت کی نگاہ سے جس سے کہ قوانین ربانی کے مقابلہ مین انسانی حکومت کے احکام کو دیکھا جا سکتا ہے۔
سلطان کی شاہانہ نگرانی مین عاملانہ اختیار اور اختیار وضع قوانین کو دو اعلےٰ عہدہ دار یعنے صدر اعظم جو دنیاوی حکومت کا صدر ہے۔ اور شیخ الاسلام جو مذہب کا افسر اعلےٰ ہے برتتے ہین۔ دونون کو سلطان مقرر کرتا ہے۔ مگر آخر الذکر کی تقرری مین علماء یعنے عدالتی عہدہ دارون اور مذہبی اماموں کی تمام نہاد منظوری حاصل کیجاتی ہے۔ شیخ الاسلام جماعت علماء کا صدر نشین ہوتا ہے۔ لیکن وہ بذات خود امامت وغیرہ کا کام نہین کرتا۔ علماء کے ساتھ مفتیون یعنی شارحین قرآن کی جماعت تعلق رکھتی ہے۔ تمام بڑے بڑے جج۔ مفسر۔ واضعان قانون اور علم و ادب کے بڑے بڑے اساتذہ علماء ہی ہوتے ہین۔ اور مفتی اون کو اپنے حضور طلب کر سکتا ہے۔ بڑے بڑے ملکی عہدہ دارون کے خطاب آفندی۔ بے اور پاشا ہین۔

مغربی یوروپ کی ریاستون کے نمونہ پر چند عثمانی گورنمنٹون نے مختلف ازمنہ مین طرز حکومت و آئین کی تجاویز تیار کین۔ سب سے اول سلطان عبد المجید نے اون کو اپنے خط ہمایون مین درج کر کے ۱۸ فروری ۱۸۵۶ء کو شائع کیا۔ اور سب سے آخر سلطان عبد الحمید نے نومبر ۱۸۷۶ء مین اسکی متعلق فرمان نافذ فرمایا۔ مگر تجاویز اصلاح کا عملدرآمد سلطنت عثمانیہ کی موجودہ حالت مین ناممکن معلوم ہوتا ہے۔

وزیر اعظم گورنمنٹ کا صدر اور بادشاہ کا قائم مقام ہوتا ہے۔ اور کاروبار سلطنت کے انصرام مین مجلس خاص یا پریوی کونسل جو انگریزی کیبنٹ (مجلس وزراء) کے مشابہ ہے اوسکی معین و ممد ہوتی ہے۔ مجلس خاص ذیل مندرجہ

ذیل اراکین ہوتے ہین۔

(۱) وزیر اعظم (۲) شیخ الاسلام (۳) وزیر صیغہ اندرونی (۴) وزیر صیغہ جنگ۔ (۵) وزیر اوقاف (۶) وزیر سررشتہ تعلیم (۷) وزیر تعمیرات عامہ۔ (۸) کونسل آف سٹیٹ (مجلس شوریٰ) کا ممبر مجلس۔ (۹) وزیر صیغہ خارجیہ (۱۰) وزیر محکمۂ مال۔ (۱۱) وزیر صیغہ بیرٔ بحری (۱۲)۔ وزیر معدلت عامہ (۱۳) وزیر سول لسٹ (صرف خاص)

تمام سلطنت ۳۱ ولائیتون یا گورنمنٹون مین منقسم ہے اور یہ پھر سنجقون (صوبون) قضاؤن (ضلاع) ناحیہ (تحصیل یا حصہ ضلع) اور قرین (دیہات) مین منقسم ہین۔ ہر ولائیت پر ایک ولی یا گورنر جنرل متعین ہے جو سلطان کا نائب ہوتا ہے اور اوسکی مدد کے لیئے پراونشل کونسل (مجلس صوبہ) موجود ہوتی ہے۔ صوبون۔ اضلاع تحصیلون اور دیہات پر گورنر کے زیر فرمان متصرف۔ قائمقام۔ مدیر اور مختار مقرر ہین۔

ولائیتونکی حدود پولیٹیکل وجوہات کی بناء پر اکثر ترمیم ہوتی رہتی ہین۔ اسی وجہ سے سلطنت کی چھ سنجقین گورنرون کے ماتحت نہین رکھی گئین۔ اونپر سلطان المعظم براہ راست متصرف مامور فرماتے ہین اور وہ سنجقین متصرفات کہلاتی ہین۔ تمام رعایا خواہ وہ کیسی ہی ادنٰے حیثیت کی ہون سلطنت کے اعلےٰ ترین عہدے بھی اونکیلیئے مسدود نہین اور وہ اونپر مامور ہوسکتی ہین تمام سلمان قانونکی نگاہ مین مساوی ہین۔

معاہدات کے روسے وہ اجنبی جو ٹرکی مین رہائیش پذیر ہون۔ اپنے اپنے ممالک کے قوانین کے تابع ہوتے ہین اور اون کے ایسے مقدمات جن مین ترکی رعایا کا تعلق نہ ہو۔ اوس عدالت مین پیش ہوتے ہین۔ جن کا حاکم خود اون کا اپنا قونصل ہو۔ جو اجنبی ٹرکی مین جائیداد غیر منقولہ کے مالک ہون اون کے ایسے مقدمات جو ملکیت ارضی کے متعلق ہون۔ عثمانیہ دیوانی عدالتون مین منفصل ہوتے ہین۔ اور جو مقدمات ترکی رعایا اور اجانب کے درمیان ہون وہ بھی عثمانیہ عدالتون مین پیش ہوتے ہین مگر ایسی صورت مین اجنبی قونصل کا ترجمان یہ دیکھنے کے لیئے کہ تجویز مقدمہ بروئے قانون ہوتی ہے کہ نہین۔ عدالت مین موجود رہتا ہے۔ اور اگر فیصلہ (خواہ دیوانی ہو یا فوجداری) اجنبی کے برخلاف ہو۔ تو اوسکی تعمیل اجنبی کی قونصل کی معرفت ہوتی ہے۔ جو مقدمات مختلف قومیت رکھنے والے دو اجنبیون کے درمیان ہون وہ مدعاعلیہ کی عدالت مین رجوع ہوتے ہین +

وزیر اعظم	خلیل رفعت پاشا	۷ نومبر ۱۸۹۵ء کو مقرر ہوئے۔
شیخ الاسلام	جمال الدین آفندی	ستمبر ۱۸۹۱ء مین مقرر ہوئے۔
وزیر صیغہ اندرونی	محمود جلال الدین پاشا	۷ نومبر ۱۸۹۵ء کو مقرر ہوئے۔

وزیر صیغہ خارجیہ	توفیق پاشا۔	۷ نومبر ۱۸۹۵ء کو مقرر ہوئے۔
وزیر صیغہ مال	ناظف پاشا	۲۹ جنوری ۱۸۹۶ء کو دوبارہ مقرر ہوئے۔
وزیر معدلت عامہ	عبدالرحمن پاشا	۷ نومبر ۱۸۹۵ء کو مقرر ہوئے۔
مجلس شوریٰ کے میر مجلس	سعید پاشا۔	ایضاً

رقبہ و آبادی

سلطنت عثمانیہ کا کل رقبہ (بمعہ باجگزار ریاستون کے) تقریباً سولہ[لہ] لاکھ نو ہزار دو سو چالیس مربع میل اور کل آبادی تخمیناً تین کروڑ بانوے لاکھ بارہ ہزار ہے۔ بایں تفصیل۔

ملک	رقبہ مربع میل مین	آبادی
(۱) براہ راست مقبوضات		
یوروپ مین	۶۱۲۰۰	۴۷۸۰۰۰۰
ایشیا مین	۶۸۷۶۴۰	۲۱۶۰۸۰۰۰
افریقہ مین	۳۹۸۷۳۸	۱۳۰۰۰۰۰
(۲) باجگزار صوبے — میزان	۱۱۴۷۵۷۸	۲۷۶۸۸۰۰۰
بلگیریا بمعہ مشرقی رومیلیا	۳۷۸۶۰	۳۱۵۴۳۷۵
بوسنیا۔ ہرزی گوینا اور نووی بازار جو آسٹریا کے زیر انتظام ہین	۲۳۵۷۰	۱۵۰۴۰۹۱
جزیرہ سموس	۲۳۲	۴۸۵۰۰
مصر	۴۰۰۰۰۰	۶۸۱۷۲۶۵
میزان	۴۶۱۶۶۲	۱۱۵۲۴۱۳۱
میزان کل	۱۶۰۹۲۴۰	۳۹۲۱۲۱۳۱

لہ مسٹر سکاٹ کلٹی ترتیب کنندہ کتاب سٹیٹسمین ایر بک نے جدول ورقبہ وآبادی کی اعداد مین جزیرہ قبرس کا نام اور اسکا رقبہ وآبادی درج نہین کی شاید اوسکو میراث جدا عم سمجھے بیٹھے ہین مگر اوسکی بابت انگلستان سلطنت کو برابر ۹۲ ہزار پونڈ سالانہ خراج دینا پڑتا ہے اور شاید اسکو عنقریب خالی بھی کر دینا پڑے گا اوس کا رقبہ ۳۵۸۴ میل مربع اور آبادی ۲۰۹۲۸۶ ہے اسیطرح ٹیونس کو بھی جسکا رقبہ ۴۵ ہزار مربع میل اور آبادی ۱۵ لاکھ ہے ٹرکی کا ماتحت صوبہ تصور کرتا ہون ۱۲ مولف

نقشہ ذیل مین براہِ راست مقبوضات کی ہر ایک ولائیت کا نام معہ آبادی درج کیا جاتا ہے۔ سلطنت عثمانیہ مین مردم شماری ۱۸۸۱ء مین شروع ہوئی تھی۔ اوس کے مطابق اعداد دیئے گئے ہین اور جن صوبون مین ابھی وہ تکمیل کو نہین پہونچی اوس کے نام کے ساتھ ستارہ کا نشان بنادیا گیا ہے۔

نام ولائیت	رقبہ مربع میل مین	آبادی بروئے مردم شماری	اوسط آبادی فی مربع میل	کیفیت
یوروپ:۔				
قسطنطنیہ ومضافات	۵۸۶۷[1]	۸۹۵۴۷۰	۱۵۳	(۱) اس رقبہ مین سے ۷۰۹ مربع میل باسفورس کے ایشیائی ساحل پر واقع ہین۔
ایڈریانوپل	۱۵۰۱۵	۸۳۰۰۴۴	۵۶	
سالونیکا	۱۳۶۸۴	۹۹۰۴۰۰	۷۲	
مناسطر	۷۶۴۳	۶۶۴۳۷۹	۸۷	
متصرفاتِ سرویا	۲۸۹۵	۱۰۰۰۰۰	۳۴	
کسووا	۹۲۶۴	۵۸۸۲۸۲	۶۳	
سقوطرا۔ (البانیا)	۴۵۱۶	۲۰۲۸۱۹	۴۵	
جنینیا	۷۰۲۵	۵۰۹۱۵۱	۷۲	
میزان یورپی ٹرکی	۶۵۹۰۹	۴۷۸۶۵۴۵	۷۳	
ایشیا:				
ایشیاءِ کوچک:۔				
متصرفات اسمد	۴۲۹۶	۲۴۶۸۲۴	۵۷	
بندر بروصا	۲۶۲۴۸	۱۳۰۰۰۰۰	۴۹	
متصرفات بیگہا	۲۸۹۵	۱۲۹۰۴۷	۴۴	
مجمع الجزایر	۴۹۶۳	۳۲۵۸۶۶	۶۶	
بندر کریٹ	۲۹۴۹	۲۹۴۱۹۲	۹۶	
سمرنا	۱۷۳۷۰	۱۳۹۰۷۸۳	۸۰	
بندر قسطاموني	۱۹۳۰۰	۱۰۰۹۴۶۰	۵۲	

نام ولائیت	رقبہ مربع میل مین	آبادی بروئے مردم شماری	اوسط آبادی فی مربع میل
انگورا	۳۲۳۳۹	۸۹۲۹۰۱	۲۷
قونیہ	۳۵۳۷۳	۱۰۸۸۱۰۰	۳۱
ادانہ	۱۴۴۹۶	۴۰۲۴۳۹	۲۸
سیواس	۳۲۳۰۸	۹۹۶۱۲۰	۳۱
طرابزون	۱۲۰۸۲	۱۰۴۷۷۰۰	۸۶
میزان (ایشیاء کوچک)	۲۰۴۶۱۸	۹۱۲۳۴۳۲	۴۴
آرمینیا و کردستان:-			
ارض روم	۲۹۶۱۴	۶۴۵۷۰۲	۲۲
معمورة العزیز	۱۴۶۱۴	۵۷۵۳۱۴	۳۹
دیاربکر	۱۸۰۷۴	۴۷۱۴۶۲	۲۶
٭ بطلس	۱۱۵۲۲	۳۸۸۶۲۵	۳۴
٭ وان	۱۵۴۴۰	۳۷۶۲۹۷	۲۴
میزان (آرمینیا)	۸۹۲۶۴	۲۴۵۷۴۰۰	۲۷
میسوپوٹیمیا (الجزیرہ):-			
موصل	۲۹۲۲۰	۳۰۰۲۸۰	۱۰
بغداد	۵۴۵۰۳	۸۵۰۰۰۰	۱۵
٭ بصرہ	۱۶۴۸۲	۲۰۰۰۰۰	۱۲
میزان (میسوپوٹیمیا)	۱۰۰۲۰۵	۱۳۵۰۲۸۰	۱۳
سیریا (شام):-			
حلب	۳۰۳۰۴	۹۹۴۶۰۴	۳۲
٭ زور	۳۸۶۰۰	۱۰۰۰۰۰	۳
٭ شام (یعنی دمشق)	۲۴۰۰۹	۶۰۳۱۷۰	۲۵

نام ولائیت	رقبہ مربع میل	آبادی	اوسط فی میل۔
بلاد بیروت	۱۱۷۷۳	۴۰۰۰۰۰	۳۴
متصرفات یروشلیم	۸۲۲۲	۳۳۹۱۶۹	۴۱
لبنان (اس میں بہ کو مراعات کثیر حاصل ہیں)	۲۲۰۰۰	۲۴۵۰۰۰	۱۱۱
میزان (شام)	۱۱۵۱۰۸	۲۶۷۶۹۴۳	۲۳
عرب:-			
حجاز (تقریباً)	۹۶۵۰۰	۳۵۰۰۰۰۰	۳۶
یمن "	۷۷۲۰۰	۲۵۰۰۰۰۰	۳۲
میزان (عرب)	۱۷۳۷۰۰	۶۰۰۰۰۰۰	۳۴
میزان (ایشیا)	۶۸۲۹۳۱	۲۱۶۰۸۰۵۵	۳۱
افریقیہ:-			
طرابلس (تقریباً)	۳۹۸۷۳۸	۸۰۰۰۰۰	۳
بنغازی "		۵۰۰۰۰۰	
میزان (افریقیہ)	۳۹۸۰۳۸	۱۳۰۰۰۰۰	۳
میزان (سلطنت عثمانیہ)	۱۱۴۰۵۷۸	۲۰۶۹۴۶۰۰	۲۴

سلطنت عثمانیہ کی آبادی کی قوم وار تفصیل ٹھیک معلوم نہیں۔ یوروپ کے اون صوبوں میں جو ترکوں کی براہ راست ماتحت ہیں۔ ترک یونانی اور البانی (ارنوط) مساوی تعداد میں بکثرت آباد ہیں۔ دوسری قومیں جو انمیں آباد ہیں یہ ہیں۔ سروین۔ بلغاری۔ رومانوی۔ ارمنی۔ مگیر (مجر یعنے ہنگرین) خانہ بدوش جپسی۔ یہودی و کشتین ارمنی۔ یہودی اور بیشمار دیگر قوموں کے علاوہ چالیس لاکھ عرب ہیں۔ قسطنطنیہ کی آبادی مذہب وار ۱۸۸۵ء کی مردم شماری کی رو سے حسب ذیل ہے:-

مسلمان ۳۸۴۹۱۰ یونانی ۱۵۲۷۴۱۔ ارمنی ۱۴۹۵۹۰۔ بلغاری ۴۳۷۷۔ رومن کیتھولک (دیسی) ۶۴۴۲۔ یونانی لاطینی ۱۰۸۲۔ پراٹسٹنٹ (دیسی) ۸۱۹۔ یہودی ۴۴۳۶۱۔ اجنبی ۱۲۹۲۴۳

میزان ۸۷۳۵۶۵ -

دوسرے بڑے بڑے شہروں کی آبادی تخمیناً حسب ذیل ہے:

سالونیکا ڈیڑھ لاکھ۔ ایڈریانوپل ۷۰۰۰۰، مناسطر ۴۵ ہزار۔ سنفوطرا تیس ہزار۔ جنینیا بیس ہزار۔ سمرنا دو لاکھ
دمشق دو لاکھ۔ بغداد ایک لاکھ اسّی ہزار۔ حلب ایک لاکھ بیس ہزار۔ ارض روم ساٹھ ہزار۔ قیصریہ ساٹھ ہزار۔
موصل ۵۷ ہزار۔ صنعا پچاس ہزار۔ سیواس ۴۸ ہزار۔ مکہ معظمہ ۴۵ ہزار۔ طرابزون ۴۵ ہزار۔ ادانہ ۴۵ ہزار۔ دیاربکر
۴۰ ہزار۔ بیروت ۵۷ ہزار۔ انگورا تیس ہزار۔ وان تیس ہزار۔ جدہ بیس ہزار۔ یروشلم ۴۱ ہزار۔ قونیہ ۴۵ ہزار۔ جیوپیا
۲۵ ہزار۔ نحانیا پندرہ ہزار۔ طرابلس ۳۰ ہزار۔ (مدینہ منورہ تیس ہزار)

صوبہ لبنان پر (جہان میرونائٹ عیسائی اور ڈروس نیم کافر عرب آباد ہیں) ایک عیسائی متصرف متعین ہے اس صوبہ کو بہت رعایتیں ملی ہوئی ہیں۔ اور اوسکی گورنمنٹ خاص قسم کی ہے۔ اوسکی آبادی دو لاکھ بتیس ہزار یعنے تقریباً ۱۱۱ کس فی مربع میل شمار کیگئی ہے۔

مذہب اور تعلیم

۱۳ جولائی ۱۸۷۸ء کے عہدنامہ برلن کے روسے ایشیا اور یوروپ مین جس قدر سلطنت عثمانیہ رہگئی ہے اوسمین دو بڑے مذہبی گروہ بتعداد ذیل ہین مسلمان ایک کروڑ ساٹھ لاکھ اور عیسائی ۵۰ لاکھ ایشیا مین مسلمان نسبتاً بہت آباد ہین مگر یوروپ مین اونکی آبادی نصف کے قریب ہے مقبوضات عرب و افریقہ مین مسلمانونکا شمار ستر لاکھ کے قریب اندازہ کیا گیا ہے سلطنت عثمانیہ سات مندرجہ ذیل غیر اسلامی مذاہب کو تسلیم کرتی ہے (۱) لاطینی فرنگی یا کیتھولک جو رومن کیتھولک عقیدہ کے مطابق نماز پڑھتے ہین۔ وہ جنوا اور وینس کے اون باشندگانکی اولاد ہین جو قیاصرہ کے وقت اسکی سلطنت مین آکر آباد ہوگئے تھے۔ اس فرقہ مین ارمنی بلغاری اور دیگر اقوام کے رومن کیتھولک بھی شامل ہین (۲) یونانی (جو کلیسا یونانی کے پیرو ہین)۔ (۳) ارمنی (جن کا اپنا علیحدہ کلیسا ہے)۔ (۴) شامی و منفقہ خالدی (اس فرقہ کے عیسائی بھی اپنا علیحدہ کلیسا رکھتے ہین)۔ (۵) میرونائٹ عیسائی جن کا بطریق مقام کنو مین واقع جبل لبنان مین رہتا ہے (۶) پروٹسٹنٹ (اس عقیدہ کے زیادہ تر ارمنی لوگ امیرکن و انگریزی پادریونکی کوشش یا پولیٹیکل وجوہات سے معتقد ہوگئے ہین)۔ (۷) یہودی۔ ان ساتون مذہبی فرقون کو سلطنت عثمانیہ نے اپنی بے نظیر بے تعصبی سے اپنی اپنی مذہبی حکومت عطا کر رکھی ہے بنابرین یونانیون و ارمنیونکے بشپون اور بطریقون و یہودیون کے چاچم باشی (ربّی بڑے پادری) کو بلا واسطہ اعلیٰحضرت سلطان و شیخ الاسلام کے تابع ہین۔ اون کے عہدے موروثی ہین۔ اور صرف شہنشاہی فرمان کے روسے موقوف ہوسکتے ہین مگر جس طرح کہ عیسائیون مین پادریون کا ایک علیحدہ فرقہ قائم ہوگیا ہے کہ اونکے سوائے مذہبی عبادت کوئی اور نہین کرا سکتا اس طرح سے مسلمانون مین اوسکا وجود موجود نہین۔ ان مین نہ صرف عہدہ داران سلطنت ہی

عبادت کے مراسم بجا لاسکتے ہین۔ بلکہ ہر ایک مسلمان امام ہو سکتا ہے۔ اور قرآن شریف کی آیات پڑھ سکتا ہے چونکہ قرآن کریم مذہبی راہ نما ہونیکے ساتھ ہی مجموعۂ قوانین اور سند حقوق العباد بھی ہے۔ اس لیئے خادمان مذہبی اور مفسران و شارحین قانون مین بڑا گہرا تعلق ہے۔

قرآن شریف اور ملتقی حصول تعلیم کا بہت شوق دلاتے ہین۔ بنا برین ٹرکی کے تقریباً تمام قصبات مین عرصۂ مدید سے مدارس جاری ہین۔ اور بڑی بڑی مساجد کے ساتھ کالج اور کتب خانہ قایم ہین۔ مگر اُن درسگاہون مین جو تعلیم دیجاتی ہے وہ کسی قدر محدود ہے۔

سلطنت عثمانیہ مین[1] مساجد کی تعداد ۲۱۲- اور صرف قسطنطنیہ مین ۳۴،۹ ہے۔ اماموںکی تعداد ۱۶۰۰۱۱ ہے مساجد کے ساتھ ۱۷،۰۰۰ ابتدائی مکاتب ہین جن مین تعلیم مفت ملتی ہے۔ اوقاف (مساجد و خانقاہین وغیرہ) کی غیر سرکاری آمدنی ۱۹۱۴ء کی جنگ سے پہلے تین کروڑ دو لاکھ پیاسٹر یعنے دو لاکھ ۱۵ ہزار پونڈ انگریزی سالانہ تھی مگر اب وہ دو کروڑ پیاسٹر یا ایک لاکھ ۶۶ ہزار پونڈ رہگئی ہے۔ انکا خرچ ایک کروڑ پچاس لاکھ پیاسٹر (سوا لاکھ پونڈ) شمار کیا گیا ہے۔ شیخ الاسلام کا وظیفہ جو ستر لاکھ ۱۳ ہزار ۵ سو ۲۰ پیاسٹر (۹۵ ہزار پونڈ) ہے۔ اور مفتیوں اور نائبین کے وظائف جو ۷۰ لاکھ ۶ ہزار ۹ سو ۴۶ پیاسٹر (۶۶ ہزار پونڈ) ہین۔ سرکاری خزانہ سے اداء ہوتے ہین۔ اوقاف کو زیادہ تر آمدنی اون غیر منقولہ جایدادون کی فروخت سے حاصل ہوتی ہے جو اون کو ہبہ کیجاتی ہین اور وقف کہلاتی ہین۔ سلطنت کے تمام شہرونکی متعلقہ جایداد کا تقریباً ¾ حصہ اوقاف کی ملکیت ہے۔ اس قسم کی جایداد کے خریدار اوقاف کو ایک نام نہاد سالانہ لگان اداء کرتے ہین۔ لیکن اگر وہ لاولد مرجائین تو جایداد پھر اوقاف کا ملک ہو جاتی ہے۔

۱۹۱۴ء[2] مین سرکاری خزانہ سے اوقاف کو ۶۹۱۰۲۴۰ پیاسٹر (۵۷ ہزار پونڈ) دیئے گئے۔ اوسی سال مین سرکاری خزانہ سے مذہبی مقاصد پر مندرجہ ذیل رقوم خرچ ہوئین۔

(۱) حاجیان مکہ معظمہ۔ اور سالانہ تحایف پر جو بیت اللہ شریف کو بھیجے جاتے ہین ۱۳۱۴۳۹۵۲۹ پیاستر

[1] ان مساجد سے مؤلف کی مراد جامع مساجد ہونگی کیونکہ اماموں ہی کی تعداد بتا رہی ہے کہ کل مساجد کا شمار ۱۲۰۰۱ سے بدرجہا زیادہ ہے۔ مترجم ۱۲

[2] سنہ ۱۹۱۴ء کے اعداد دینے کی یہ وجہ بتلائی گئی ہے کہ اس کے بعد کوئی باقاعدہ موازنہ تیار نہین ہوا۔ مگر یہ بالکل لغویات ہے البتہ یہ ممکن ہے کہ اوس سال کے بعد موازنے عام طور پر شایع نہ کیئے گئے ہون۔ مترجم ۱۲

(۹۰،۰۰۰ پونڈ) - (۲) درس وتدریس کلام اللہ پر ۹۵۳،۴۷۲ پیاسٹر (۱۰،۰۰۰ پونڈ) - (۳) تکیون اور خانقاہون کو امداد ۷،۴۲۲،۵۰ پیاسٹر (۶،۵۰۰ پونڈ)۔

صیغۂ مال [۲] سلطنت عثمانیہ کی کمیٹی موازنہ نے سال از ابتدائے مارچ ۱۸۸۹ء لغایت مارچ ۱۸۹۰ء کی آمدنی ایک کروڑ پچاس لاکھ پونڈ ٹرکی اور خرچ دو کروڑ چودہ لاکھ پونڈ ترکی ظاہر کیا یعنے ۶۴ لاکھ پونڈ خسارہ ہوا۔ ۹۰-۱۸۸۹ء کے خسارہ کا اندازہ ستره لاکھ پونڈ ٹرکی کیا گیا جس کو موازنہ مین اسطرح سے دور کیا گیا کہ صیغہ جنگ کا خرچ ساڑھے پانچ لاکھ پونڈ محکمہ توپ خانہ کا خرچ ۸ لاکھ پونڈ اور دوسرے محکمونکے اخراجات کی بجٹ (موازنے) ۵ فیصدی کم کردیئے گئے۔ اور مقدم قرضون اور دوسرے قرضجات کو چار فیصدی سود کے تمسکون مین بدل دیا گیا۔

سلطنت عثمانیہ کی بتدریج مقروضی مندرجہ ذیل جدول سے ظاہر ہوجائیگی:-

سنہ اجرائے قرضہ	اصلی مقدار قرضہ	[illegible]	وصول فیصدی	اب اس قرضہ کی کیا حیثیت ہے	کس سے اور کس مقصد کیلئے قرضہ لیا گیا
۱۸۵۴ء	۳۰۰۰۰۰۰ پونڈ	۶ فیصدی	۸۵	۱۸۹۴ء مین ۳½ فیصدی سود کے قرضہ سے متبدل کیا گیا۔	لنڈن کے ساہوکارون ڈنٹ پالمر کمپنی سے جنگ کریمیا کے اخراجات ادا کرنے کے لیئے خراج مصر کی کفالت پر لیا گیا اور سالانہ اقساط سے ۱۸۷۹ء تک بیباق کردینے کا اقرار ہوا +

[۱] مسٹر کاٹ کلٹی نے نہ صرف سالانہ تحائف کی مالیت ہی کم بتائی ہے بلکہ کل اوقاف کی آمدنی بھی بمقدار تھوڑی بتائی ہے کہ جس کے اعداد کو درست ماننے مین تامل پڑتا ہے۔ مسٹر بلنٹ صرف اُس سالانہ رقم کی مقدار جو مد اوقاف، صرف خاص اور خزانہ عامرہ سے حجاز کو روانہ کی جاتی ہے اپنی کتاب فیوچر آف اسلام (اسلام کا زمانہ استقبال) کے صفحہ ۱۰ پر پانچ لاکھ پونڈ لکھتے ہین۔ اور مسٹر کاٹ اوقاف کی کل آمدنی (کو اسکا غیر سرکاری حصہ بتایا گیا ہے) ایک لاکھ ۹۹ ہزار پونڈ اور سرکاری تحائف کی مالیت ایک لاکھ نو ہزار پونڈ بتاتے ہین اُن دو صاحبون مین کسی بہر حال ایک نے صحیح نہین لکھا۔ مترجم [۲] سلطنت کی مالی انتظام اور قرضونکی تعداد سود وغیرہ کے متعلق و تحقیقات ردم مین مفصل بحث مندرج ہے ۱۲ [۳] جس وقت کوئی سلطنت قرضہ لینا چاہتی ہے تو وہ اپنے مالک کے سکہ مین یا پانسو یا ہزار کے تمسک یا پرامیسری نوٹ جاری کرتی ہے جن کو متمول لوگ یا ساہوکار خرید لیتے ہین۔ اور جیسی اوس سلطنت کی ساکھ ہو ویسا ہی ان نوٹون کا نرخ کم و بیش ہوتا ہے اچھی ساکھ ہو تو سو کا نوٹ ایک سو دس ایک سو پندرہ تک ہو جاتا ہے ساکھ بگڑی تو پچاس کو بھی کوئی نہین پوچھتا۔ مترجم ۱۲

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	اب اُس قرضہ کی کیا حیثیت ہے	کس سے اور کس مقصد کیلئے قرض لیا گیا
سنہ ۱۸۵۵ء	۵۰۰۰۰۰۰ پونڈ	۴ فیصدی	۱۰۲ ½	بدستور سابقہ حیثیت مین ہے کسی شکل مین نہین بدلا گیا سالانہ خراج قبرس بھی اسکی ادائیگی مین صرف ہوتا ہے یہ پہلے تو سوا اکاون لاکھ پونڈ ہوا تھا کیونکہ ٹرکی کی ساکھ اوس وقت اچھی تھی اور اب صرف پچاس لاکھ ہوگا	یہ دوسرا قرضہ فرانس و انگلستان کی ضمانت پر لیا گیا اور پہلے قرضہ سے بچا ہوا حصہ خراج مصر کا اور شام کا محصول درآمد مکفول کیا گیا اور سالانہ اقساط سے اگست سنہ ۱۹۰۵ء مین بیباق ہو جائے گا +
سنہ ۱۸۵۸ء	۵۰۰۰۰۰۰ پونڈ	۶ فیصدی	۸۵	سنہ ۱۸۹۰ء مین جب ٹرکی قرضہ کا انتظام ہوا اور اسکی تعداد گھٹائی جاکر چار تقسیمون مین تقسیم کیا گیا تو یہ قرضہ شق الف مین داخل کر دیا گیا جب یہ برداشت کیا گیا تھا اس وقت اسکو سالانہ اقساط مین سنہ ۱۸۹۳ء تک ادا کرنیکا اقرار ہوا تھا مگر اب انتظام نیا ہو گیا ہے -	یہ تیسرا قرضہ ڈینٹ پالمر کمپنی اور عثمانیہ بنک سے قسطنطنیہ کے محصول درآمد اور آمدنی چنگی کی کفالت پر دو دفعہ کر کے یعنی ۱۸۵۸ء مین تیس لاکھ (شرح ۱۵ فیصدی) ۱۸۵۹ء مین بیس لاکھ پونڈ (شرح ۱۵ فیصدی) لیا گیا تھا -
سنہ ۱۸۶۰ء	۲۰۳۷۲۲۰	۶ فیصدی	۶۲ ½	سنہ ۱۸۹۰ء مین شق ب مین داخل کیا گیا	یہ چوتھا قرضہ پیرس کے ساہوکار مائشیو میری کی معرفت سلطنت کی آمدنی محصول درآمد اور دیگر مدات کی کفالت پر لیا گیا ارادہ ایک کروڑ ۶۰ لاکھ پونڈ قرض لینے کا تھا مگر ۶۲ ½ فیصدی پر بھی صرف ۲۰۳۷۲۲۰ پونڈ کے تمسک فروخت ہوئے +

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کس سے اور کس مقصد کیلئے قرض لیا گیا
سنہ ۱۸۶۰ء	۲۰۰۰۰۰۰ پونڈ	۶ فیصدی	۶۸	سنہ ۱۸۶۳ء مین شق الف مین داخل کیا گیا	یہ پانچوان قرضہ عثمانیہ بنک اور پیرس کے ساہوکاران میسرز ڈیوو کی معرفت محاصل نمک اسٹامپ تمباکو اور عام آمدنی کی کفالت پر لیا گیا۔
سنہ ۱۸۶۲ء	۸۰۰۰۰۰ پونڈ	۶ فیصدی	۷۲	سنہ ۱۸۶۸ء مین شق ب مین داخل کیا گیا	یہ قرضہ عثمانیہ بنک کی معرفت سرکاری آمدنیون اور عشرات کی کفالت پر لیا گیا
سنہ ۱۸۶۵ء	۶۰۰۰۰۰۰ پونڈ	۶ فیصدی	½ ۶۵	سنہ ۱۸۶۸ء مین شق ج مین داخل کیا گیا	عثمانیہ بنک کی معرفت رومیلیا اور مجمع الجزائر کے محصول گوسفندان اور ٹوکٹ کی پیداوار معادن کی کفالت پر لیا گیا۔
سنہ ۱۸۶۵ء	۳۴۳۳۹۴۳۳ پونڈ	۵ فیصدی	½ ۴۷	سنہ ۱۸۶۸ء مین شق د مین داخل کیا گیا	یہ قرضہ بلحاظ اندرونی قرضون کے اجتماع و تبادلہ کے لیئے پیرس اور لنڈن کے چند نامی بنکون سے لیا گیا۔
سنہ ۱۸۶۶ء	۵۰۰۰۰۰۰ پونڈ	۶	½ ۶۵	ایضاً	پیرس کی سوسائٹی ڈی جنرل اور میسرز لوییس کوہن و بیسرا اور لنڈن کے ساہوکاران ونٹ پالمر کمپنی سے متعلق موجودہ و مستقبلہ محاصل و عشرات کی کفالت پر قرض لیا گیا۔
سنہ ۱۸۶۹ء	۲۴۰۰۰۰۰ پونڈ	۶	۰۰	اکتوبر سنہ ۱۸۶۹ء مین بیباق کیا گیا	
سنہ ۱۸۶۹ء	۲۲۱۲۶۲۲۰ پونڈ	۶ فیصدی	½ ۶۰	سنہ ۱۸۶۹ء مین شق ج مین داخل کیا گیا	ایضاً
سنہ ۱۸۷۲ء	۳۱۶۸۰۰۰ پونڈ	۵ فیصدی	۴۵	سنہ ۱۸۷۳ء مین شق د مین داخل کیا گیا	مطابق قرضہ ثانی سنہ ۱۸۶۵ء

سنه اجراء قرضه	اصلی مقدار قرضه	شرح سود فیصدی	اجراء کے وقت قیمت فیصدی	موجوده کیفیت	کس سے اور کیون لیا گیا
سنه ۱۸۷۱ء	۵۷۰۰۰۰۰ پونڈ	۶	۷۳	سنه ۱۸۹۴ء مین ۳½ فیصدی سود کے قرضه مین تبدیل کیا گیا	خراج مصر کی کفالت پر لیا گیا
سنه ۱۸۷۲ء	۱۱۲۲۶۲۰۰ پونڈ	۹	۹۸ ½	سنه ۱۸۸۱ء مین قرضه شق ب مین داخل کیا گیا	یه قرضه اگست سنه ۱۸۷۲ء مین لنڈن کے میسرز رافیل و پیسران کی معرفت سابقه قرضون مین مکفول شده محاصل کی ضمانت پر جاری کیا گیا۔ اور اوس کے تمسک داران کیلئے یه خاص رعایت کیگئی که وه پانسو پچاس پونڈ کے تمسکون کو پانچ فیصدی سود والے عام قرضه مجریه (سنه ۱۸۶۵ء تا سنه ۱۸۷۰ء) کے ہزار پونڈ کی مالیتی تمسکات سے بدل سکینگے ۔
سنه ۱۸۷۳ء	۲۸۰۰۰۰۰۰ پونڈ	۶	۵۸ ½	سنه ۱۸۸۱ء مین شق ج مین داخل کیا گیا	یه قرضه ستمبر سنه ۱۸۷۳ء مین جاری کیا گیا مگر اوس وقت اُس کا چھٹا حصه بھی نه بکا۔
سنه ۱۸۷۴ء	چار کروڑ پونڈ	۵	۴۳ ½	سنه ۱۸۸۱ء مین شق د مین داخل کیا گیا۔	سنه ۱۸۶۵ء کے قرضه ثانی کی طرح اجماع و تبادله قرضه اندرونی کیلئے لیا گیا۔ اور اُسکا بمعه قرضه سنه ۱۸۶۵ء و سنه ۱۸۶۹ء عام قرضه سلطنت عثمانیه نام رکھا گیا ۔
سنه ۱۸۷۷ء	۵۰۰۰۰۰۰ پونڈ	۵	۵۲	سنه ۱۸۹۱ء مین ۴ فیصدی سود کے قرضه مین متبدل کیا گیا	یه قرضه غلاطا کے سوداگرون سے خراج مصر کی کفالت پر حفاظت ملک کے لیئے لیا گیا۔
سنه ۱۸۷۸ء	۳۲۷۷۰۰۰ پونڈ	ایضاً	ایضاً	سنه ۱۸۹۰ء مین ۴ فیصدی سود کے قرضه مین تبدل کیا گیا	یه قرضه پہلی محاصل درآمد کی کفالت پر غلاطا کے سوداگرون سے قرضون کی اجماع کے لیے لیا گیا مگر جب سنه ۱۸۸۱ء مین بیرونی قرضون کا انتظام

ہوا تو اسی قرضہ کو دین مقدم قرار دیکر مدات مکفولہ پر عائد کر دیا چنانچہ کمیٹی انتظام قرضہ نظام الملک کے سوداگرون کو مدات مکفولہ کی آمدنی سے سب سے اول ۳۶۳۰۳۵ پونڈ بابت سود و اصل کی جزوی ادائیگی کے سالانہ ادا کرتی ہے سنہ ۱۹۰۴ء مین انکا قرضہ بیباق ہو جائیگا

جدول قرضجات جدید بعد انتظام سنہ ۱۸۸۱ع

سن اجراء	تعداد قرضہ	شرح سود فیصدی	اب کیا حیثیت ہے	کس لیئے لیا گیا
سنہ ۱۸۸۵ء	۹۳۰۰۰۰ پونڈ	۷	بدستور قائم ہے	تعمیر ریلوے کے لئے لیا گیا۔
سنہ ۱۸۸۶ء	۵۹۰۹۰۸۰۰ پونڈ	۵	ایضاً	عثمانیہ بنک کا تقریباً ۴۵ لاکھ پونڈ دستگردان قرضہ ادا کرنے اور خزانہ عامہ کیلئے روپیہ حاصل کرنے کے واسطے قرض لیا گیا۔
سنہ ۱۸۸۸ء	۱۵۰۰۰۰۰ پونڈ	۵	ایضاً	یہ اور اسی پہلا قرضہ غلاطہ کے قرضہ کیطرح دین مقدم ہین اور سود کے علاوہ اصل رقوم بحساب ایک فیصدی سال وار ادا کیجاتی ہے اس کو تمسک ذو اعانت کہلاتے ہین +
سنہ ۱۸۹۰ء	۵۴۴۵۰۰ پونڈ	۴	ایضاً	برائے اجتماع قرضہ سابقہ موسومہ ذو اہلیہ و سہیم۔
سنہ ۱۸۹۰ء	۷۸۲۷۲۴۰ پونڈ	۴	ایضاً	برائے تبادلہ قرضہ سنہ ۱۸۷۰ء
سنہ ۱۸۹۱ء	۹۳۱۶۹۲۰ پونڈ	۴	ایضاً	برائے تبادلہ قرضہ سنہ ۱۸۷۱ء
سنہ ۱۸۹۴ء	۹۰۰۰۰ پونڈ	۴	ایضاً	تمباکو کمپنی کو دینے کے لیئے
سنہ ۱۸۹۴ء	۸۲۱۲۳۴۰ پونڈ	۳ ½	ایضاً	برائے تبادلہ قرضہ سنہ ۱۸۵۵ء و ۱۸۷۱ء
سنہ ۱۸۹۴ء	۱۶۰۰۰۰ پونڈ	۴	ایضاً	تعمیر ریلوے۔

سنہ ۱۸۵۴ء و ۱۸۷۱ء و ۱۸۷۷ء کے قرضون مین مصری خراج مکفول تھا۔ اور ۱۸۹۱ء کے قرضہ مین جو غلاطا کے

ساہوکارون کے قرضونکی اجتماع ویکجا کرنیکے لیئے جاری کیا گیا تہا۔ پہلے محاصل درآمد مکفول تھی۔ مگر بعد مین اوس کو اون بالواسطہ محاصل پر جو تمسکداران قرضہ بیرونی کو تفویض کیئے گیئے عاید کیا گیا۔ ۱۸۵۵ء کا قرضہ فرانس و انگلستان کی ضمانت پر ہے اور ۱۸۶۹ء کا قرضہ تعدادی ۲۴۰۰۰۰۰ پونڈ اکتوبر ۱۸۸۳ء مین بیباق کیا گیا عثمانیہ گورنمنٹ نے قرضون کے سود و اصل[1] کی ادایگی کے ناقابل ہونے کی وجہ سے اپنے قرضخواہون سے جدید انتظام کیا جو بروئے فرمان شاہی مورخہ ۲۰ دسمبر ۱۸۸۱ء منظور ہو گیا۔ اوس وقت جس قدر قرضے غیر سودی تھے (باستثناے اون کے جن کا جدول مین ذکر کر دیا گیا ہے) اونکو معہ سود کے بقایون کے بہت کچھ گہٹا کر چار سلسلون یا شقون موسومہ الف۔ ب۔ ج و د۔ مین تقسیم کر دیا گیا۔ قسطنطنیہ مین انتظام قرضہ و سود کیلیئے ایک کونسل قایم کیگئی۔ اور تمسکداران کو سود و اصل کی جزو ادا کرنیکے لیئے محاصل آبکاری۔ بلگیریا۔ مشرقی رومیلیا اور قبرس کا خراج اور ایرانی تمباکو کے محصول کی آمدنی اوس کو تفویض کیگئی۔ ان آمدنیون مین سے ۱۸۵۸ء کے قرضہ کے ۵ فیصدی سود اور اصل کی جزوی ادایگی کے لیئے بائیس برس تک ۵۳۶۳۶۳ پونڈ کی رقم پہلے وضع کر لیئے جانے کا اقرار ہوا۔ اور باقیماندہ آمدنی کیلیئے یہ قرار پایا کہ وہ قرضون کے چارون سلسلون کے کام آئے۔ اس کا ⅘ حصہ سود کی ادایگی مین خرچ ہو۔ اور ⅕ حصہ اصل کے ادا کرنے مین۔ سود چار فیصدی سے کبہی زیادہ ادا نہ کیا جاوے۔ اور اگر مدات مکفولہ کی آمدنی اسقدر بڑہ جاوے کہ وہ زیادہ سے زیادہ شرح سود یعنے چار فیصدی اور زیادہ سے زیادہ سالانہ شرح بیباقی قرضہ یعنے ایک فیصدی جملہ ۵ فیصدی سے بڑہ جاوے تو فاضلہ رقم عثمانیہ گورنمنٹ کو ادا کر دیجاوے۔ اس مجلس نے تخفیف شدہ مقدار قرضہ کو شقہائے الف۔ ب۔ ج و د کے تمسکون مین ۲۰ نومبر ۱۸۸۸ء کو جاری کیا اور تبادلہ کی یہ کارروائی ۱۳ مئی ۱۸۸۸ء کو بند کیگئی۔ جس تاریخکو ۸۵۹۹۰۴ پونڈ کے تمسکات جو پیش نہ کیئے جانے کی وجہ سے نہ بدلے منسوخ کیئے گئے۔ اور فقط ۱۲۲۲۹ پونڈ کے تمسکات نہ بدل سکے۔ اس کونسل مین اسوقت سات ممبر ہین جو انگلستان۔ فرانس۔ جرمنی۔ آسٹریا۔ اٹلی کے تمسکداران و نیز عثمانیہ تمسکداران و غلاطہ کے ساہوکارونکی طرف سے

[1] عثمانیہ گورنمنٹ نے ۶۔ اکتوبر ۱۸۷۵ء کو حکم نافذ کیا تہا۔ کہ کچھ عرصہ کیلیئے مقررہ سود کا نصف ادا کیا جاوے گا مگر نصف سود بھی تاریخہائے مقررہ پر ادا نہ کیا گیا۔ بلکہ ۹ جولائی ۱۸۷۶ء کو دوسرا فرمان جاری کیا گیا کہ "جبتک سلطنت کی اندرونی حالت درست نہ ہولے" تب تک سود مطلقاً ادا نہین کیا جاوے گا۔ اس فرمان سے ندپرست یوروپ مین جو تہلکہ برپا ہو گیا وہ کسی توضیح کا محتاج نہین نصف مختصر ۳۱۔ اگست ۱۸۷۶ء کو اعلیحضرت خلیفۃ المسلمین تخت نشین ہوئے تو سلطنت بالکل دیوالیہ ہو رہی تھی۔ مترجم۔

جو دین منقدمہ کے قرضخواہ ہیں نامزد ہوتے ہیں۔ انگلستان کے تمسک دارون کا نایب ہالینڈ اور بلجیم کی تمسکداروں کی بھی نیابت کرتا ہے۔ انکے علاوہ عثمانیہ گورنمنٹ کی جانب سے ایک امپیریل کمشنر کونسل کے اجلاسون میں شریک ہوتا ہے مگر وہ مباحثون میں فقط مشورہ دے سکتا ہے رائے دینے کا اختیار نہین رکھتا۔ فرانس اور انگلستان کے ممبر باری باری پریسیڈنٹ ہوتے ہین۔ سود اور اصل کی جزوی ادائگی سال مین دو دفعہ ۱۳ مارچ اور ۱۳ ستمبر کو عمل مین آتی ہے۔ اب تک سود فقط ایک فیصدی کے حساب سے تقسیم ہوتا ہے۔ مگر ریزرو فنڈ مین ۳۰۸۲۴۰ پونڈ جمع ہو چکے ہین کونسل انتظام قرضہ سوائے اون قرضون کے جن مین مصری خراج مکفول ہے اور سنہ ۱۸۵۵ء کے قرضہ ضمانتی اور سنہ ۱۸۸۶ء کے قرضہ کے جس مین محاصل درآمد مکفول ہین۔ اور سنہ ۱۸۹۰ء کے (نو لاکھ پونڈ کے) قرضہ تنباکیہ کے اور سب ترکی قرضون کا اب انتظام و اہتمام کرتی ہے۔

کونسل انتظام قرضہ کو مدات مکفولہ سے بعد وضع خرچ جو خالص آمدنی ہوئی وہ حسب ذیل ہے۔

سنہ ۱۸۸۵-۸۶ء	....	پونڈ +۱۶۰۲۹۳۸	سنہ ۱۸۸۶-۸۷ء	....	پونڈ ۱۶۰۳۴۷۷
سنہ ۱۸۸۷-۸۸ء	....	+۱۶۵۹۸۸۹	سنہ ۱۸۸۸-۸۹ء	....	۱۷۳۲۵۱۰
سنہ ۱۸۸۹-۹۰ء	....	+۱۸۶۰۰۳۳	سنہ ۱۸۹۰-۹۱ء	....	۱۸۰۸۲۹۴
سنہ ۱۸۹۱-۹۲ء	....	+۱۸۷۸۹۴۵	سنہ ۱۸۹۲-۹۳ء	....	۱۹۸۹۸۳۸
سنہ ۱۸۹۳-۹۴ء	....	+۱۹۷۰۴۵۶	سنہ ۱۸۹۴-۹۵ء	....	۱۹۷۶۶۸۷

سنہ ۱۸۹۳-۹۴ء و سنہ ۱۸۹۴-۹۵ء مین جو رقوم وصول کیگئین وہ حسب ذیل ہین:۔

نام مد	سنہ ۱۸۹۳-۹۴ء	سنہ ۱۸۹۴-۹۵ء
کل: نمک، اسٹامپ، شکار ماہی، بقایا تمباکو	پونڈ ۹۹۴۴۳۵	پونڈ ۹۸۴۹۹۳
عشر تمباکو	۸۵۸۲۳	۹۲۸۰۴
اجارہ تمباکو	۷۰۸۳۷۵	۷۱۶۵۲۴

نام مد	سنہ ۱۸۹۳-۹۴ء	سنہ ۱۸۹۴-۹۵ء
خراج مشرقی رومیلیا	۱۳۶۸۶۳ پونڈ	۱۳۶۸۶۳ پونڈ
خراج قبرس	۹۲۳۳۶	۹۲۳۳۶
محصول تمباکو	۴۵۰۰۰	۴۵۰۰۰
میزان	۲۰۶۲۵۰۳	۲۰۶۸۴۷۸
اخراجات	۹۲۰۳۸	۹۱۷۹۰
خالص آمدنی	۱۹۷۰۴۶۵	۱۹۷۶۶۸۶

۱۸۹۵ء کے وسط مین عثمانیہ قرضہ کی حالت حسب ذیل تھی:

جن کا معاملہ لنڈن مین ہوا

سلسلہ الف۔ (جسکی مقدار ابتدائی یعنی ۱۸۸۱ء مین ۲۷۸۳۴۸۱۷ پونڈ تھی) باقی غیر سودی تھا ۱۴۳۱۱۷۹۲ پونڈ

سلسلہ ب (جسکی مقدار ابتدائی یعنی ۱۸۸۱ء مین ۱۰۲۴۱۰۴۸ پونڈ تھی) باقی غیر سودی تھا ۸۴۶۰۳۰۵

سلسلہ ج (ایضاً " " " " (۳۰۸۳۴۵۱۱ ") ۲۹۴۷۷۱۷۱

سلسلہ د۔ (ایضاً " " " (۴۳۹۶۸۳۹۶ ") ایضاً ۴۲۷۴۴۴۶۵

۱۸۵۸ء کا قرضہ ۵ فیصدی سود والا ۱۳۰۱۳۱۸

۱۸۹۰ء کا قرضہ تبادلہ ۷۴۱۷۳۱۸

۱۸۹۰ء کا قرضہ چار فیصدی سود والا ۴۲۸۰۷۶۰

۱۸۹۱ء کا قرضہ چار فیصدی سود والا ۶۲۱۹۹۲۰

۱۸۹۴ء کا ساڑھے تین فیصدی سود والا قرضہ ۸۲۱۲۳۴۰

۱۸۹۴ء کا پیرس والا قرضہ (چار کروڑ فرینک کا) ۱۵۸۴۰۰۰

میزان ۱۱۰۴۱۹۳۵۹

جن کا معاملہ لنڈن مین نہین ہوا۔

تمسکات لاٹری ۱۳۳۲۵۰۱۳

۱۸۵۵ء کا سات فیصدی سود والا قرضہ ۷۷۰۹۰۶

۱۸۶۵ء کا پانچ فیصدی سود والا قرضہ ۵۲۷۵۹۸۸

۱۸۹۴ء کے چار فیصدی سود کے تمسکات تمباکیہ ۸۸۶۶۳۵

میزان ۲۰۲۵۸۵۴۲

ان رقوم کے علاوہ تین کروڑ بیس لاکھ پونڈ کا روسی تاوان جنگ ہے جو بلا سود تین لاکھ بیس ہزار پونڈ کی سالانہ اقساط مین ادا کیا جاتا ہے۔

اندرونی قرضہ کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

گیارہ لاکھ چالیس ہزار پونڈ ترکی جو ہیونگر بنکون کے یافتنی ہین۔ پانچ لاکھ پونڈ ترکی جو محکمہ پنشن فنڈ نے قرض دیئے ہین۔ ایک لاکھ تیس ہزار پونڈ ترکی جو زراعتی بنکون سے قرض لئے گئے ہین۔ آٹھ لاکھ انتیس ہزار پونڈ

ترکی کے تمسکات ہین۔ اور پانچ لاکھ پونڈ ترکی قدیم جبریہ قرضون کی بابت وادنی ہین۔ ان قرضون کا سود باقاعدگی سے اداء نہین ہوتا +

حفاظت ملک

اول حدود ٹرکی یوروپ کے جنوب مشرقی کونہ اور ایشیا کے مغربی حصہ مین واقع ہے۔ اوسکی حدود کچھ برسون سے بہت کچھ ترمیم ہوگئی ہین۔ یوروپی ٹرکی کے شمال مین ریاست ہائے مانٹی نیگرو (جبل اسود)۔ بوسینیا۔ سرویا۔ بلگیریا اور مشرقی رومیلیا واقع ہین۔ مشرقی سرحد پر پہاڑی ہین مگر کئی مقامات سے انہین عبور کرنا آسان ہے۔ مغربی سرحد پر بحیرہ اڈریاٹک اور بحیرہ جزایر ایونین ہین۔ جنوبی حد پر بحیرہ مجمع الجزایر ڈارڈنیلز۔ بحیرہ مارمورا۔ اور باسفرس ہین جس کے سواحل پر بڑے مضبوط قلعے بنے ہوئے ہین۔

ایشیائی ٹرکی کے شمال مین بحیرہ اسود۔ باسفرس بحیرہ مارمورا اور ڈارڈنیلز ہین۔ مغرب مین بحیرہ مجمع الجزایر بحیرہ روم۔ سنگلاخ عرب اور بحیرہ قلزم جنوب مین وسطی عرب اور خلیج فارس۔ مشرق مین ایران اور روس کا صوبہ ٹرانس کاکیشیا ہے۔

روسی سرحد کے نزدیک سب سے مضبوط قلعہ ارض روم ہے +

دوم فوج بری ٹرکی مین تمام مسلمان جو بیس برس سے اوپر ہون فوجی خدمت کے مستوجب ہین اور یہ ذمہ داری ۲۰ برس تک قایم رہتی ہے۔ غیر مسلم مستوجب نہین مگر وہ بدل عسکریہ یا محصول بریت اداء کرتے ہین جو ہر عمر کے مردون سے فی کس چھ شلنگ (سالانہ) کے حساب سے لیا جاتا ہے۔ خانہ بدوش عرب گو مستوجب ہین۔ مگر اون سے کوئی رنگروٹ حاصل نہین ہوتا۔ اور اکثر خانہ بدوش کرد بھی اس خدمت سے پہلوتہی کرجاتے ہین۔

فوج کی اقسام یہ ہین۔ اول نظام یا فوج آئین اور اوس کا ریزرو۔ دوم فوج ردیف اور سوم فوج مستحفظ۔ نو بھرتی شدہ دو جماعتون مین تقسیم کیے جاتے ہین۔ جماعت یا ترتیب اول والے چھ برس فوج نظام مین (یعنی چار برس مستعد خدمت اور دو برس ریزرو مین) آٹھ برس ردیف مین (یعنے چار برس صنف اول اور چار صنف ثانی مین) اور چھ برس فوج مستحفظ مین یعنی جملہ بیس برس فوجی خدمت اداء کرتے ہین۔ جماعت یا ترتیب ثانی والے فوج مین شامل نہین کیے جاتے۔ وہ عین سنر کہلاتے ہین۔ اور ریزرو فوج مین داخل کیے جاکر پہلے سال

۸ یا نو مہینے متواتر قواعد سیکھتے ہین - اور پھر ساہلے مابعد ہین ہر سال تیس دن اپنے اپنے گھرون مین مشق کرتے ہین - کل سلطنت سات جنگی اضلاع مین منقسم ہے جن مین سات کور ڈی آرمی یعنے اردو رہتے ہین - اون اضلاع اور حصص فوج کے صدر مقام یہ ہین - ۱ قسطنطنیہ ۲ - ایڈریانوپل - ۳ مناسطر - ۴ - ارزنجان - ۵ دمشق - ۶ بغداد - ۷ صنعا (واقع ہین) ساتوین ضلع کی فوج چوتھے اور پانچوین ضلع سے اور کریٹ و طرابلس الغرب کی فوجین پہلے دوسرے اور پانچوین ضلع سے بھرتی ہوتی ہین -

نظام کی فوج پیدل کمپنیون - پلٹنون - رجمنٹون - برگیڈون اور ڈویژنون پر منقسم ہے اوس مین ۹۶ رجمنٹین صف آرا ہین - اور سوا اسے تین رجمنٹون کے جن مین تین تین پلٹنین ہین - اور سب مین چار چار پلٹنین ہین - [illegible] رجمنٹین ذو العوفونکی ہین جن مین دو دو پلٹنین ہین - ایک رجمنٹ چار پلٹنونکی آگ بجھانے والے سپاہیونکی ہے - اور پندرہ پلٹنین رائفل بردارونکی ہین - ان کے علاوہ مقامی خدمت کیلئے طرابلس الغرب کی بارہ ملیشیا (ربیفی) پلٹنین ہین - ہر صف آرا یا قاعدہ پلٹن اور رائفل بردارون و ذو العوفونکی پلٹنون مین چار کمپنیان ہوتی ہین دو صف آرا رجمنٹون کا ایک برگیڈ اور دو برگیڈ اور ایک پلٹن رائفل بردارون کا ایک ڈویژن اور دو ڈویژنون کا ایک اردو ہوتا ہے - ہر صف آرا یا رائفل بردارونکی ایک پلٹن مین بصورت کامل بوقت جنگ ۲۴ افسر - ۶۲ نان کمیشنڈ افسر اور ۸۳۶ سپاہی جملہ ۹۲۲ آدمی ہر رتبہ کے اور ۱۵ گھوڑے ہوتے ہین - بحالت امن مقام تعیناتی کی حیثیت کے مطابق ہر پلٹن مین ۴۰۰ سے ۵۵۰ تک آدمی ہوتے ہین - بحالت جنگ یعنی بصورت کامل چار پلٹنون کی ہر رجمنٹ مین ۳۷۶۴ آدمی کل مراتب کے اور ۷۰ گھوڑے ہوتے ہین فوج پیدل ہنری پی باڈی رائفل سے مسلح ہے - دو لاکھ بیس ہزار ماسر سسٹم کی میگزین[1] رائفلین ۳۰۱ انچ قطر کی نالی والیان ذخیرہ مین موجود ہین مگر اون مین سے ابھی کوئی تقسیم نہین کیگئی[2] - البتہ ۰۳۷ انچ قطر کی نالی والی ماسر میگزین رائفلین تقسیم ہو رہی ہین -

فوج رولیف دو اصناف پر منقسم ہے - ان دونون کو ملا دینے کی تجویز پر ابھی جزوی عملدرآمد ہوا ہے صف اول مین چار چار پلٹنونکی ۴۸ رجمنٹین ہین جو پہلے چھ اردون سے آٹھ آٹھ رجمنٹون کے حساب سے لیگئی ہین صف ثانی مین ۴۰ رجمنٹین چار چار پلٹنون کے ہین - یہ پہلے پانچ جنگی اضلاع سے بحساب آٹھ رجمنٹ فی ضلع

---

[1] میگزین رائفل اوسے کہتے ہین جس مین ایک ہی دفعہ پانچ سات یا نو کارتوس بھرے جاتے ہین اور وہ ایک ایک ہو کر چلتے ہین ۔

[2] پہلے دوسرے اور تیسرے اردو کی فوجون مین یہ رائفلین مارچ ۱۸۹۹ء مین بانٹ دیگئین ۔

تیار کیگئی ہین جنگ کے وقت رولیف کی رجمنٹ مین بھی نظامیہ رجمنٹ کے برابر سپاہ ہونگی تعداد رکھنے کی تجویز ہے۔ مگر رولیف کی پلٹنون مین سروست بالعموم بارہ بارہ سو آدمی ہوتے ہین

نظام کی فوج سوار انکی طاقت حسب ذیل ہے۔ ۳۸ رجمنٹین صف آرا۔ دو رجمنٹین گارڈ یا محافظین کی اور دو دستے گھوڑ چڑھے فوج پیدل کے جو یمن مین تعینات ہین۔ رولیف مین کوئی فوج سواران تیار نہین کیگئی۔ باقاعدہ صف آرا اور محافظ رجمنٹ مین پانچ سکوڈرن (دستے) ہوتے ہین۔ ہر پانچوان دستہ ڈپو کا کام دیتا ہے۔ محافظ رجمنٹین قسطنطنیہ مین مامور ہین۔ اور پہلے اردو سے متعلق ہین صف آرا رجمنٹون مین سے ۳۶ چھ کیولری ڈویژنون (حصص فوج سواران) مین منقسم ہین اور ہر ایک اردو مین ایک ایک ڈویژن متعین ہے۔ باقی دو رجمنٹین طرابلس الغرب مین رہتی ہین۔ پس کل دستے شمار مین ۲۰۲ ہین جن مین سے چالیس ڈپو سکوڈرن ہین۔

بحالت جنگ ہر رجمنٹ سواران مین ۳۹ افسر اور ۷۴۷ سوار جملہ ۷۸۶ آدمی اور اگر ڈپو دستہ بھی شامل کیا جاوے تو جملہ ۸۵۴ آدمی کل مراتب کے ہوتے ہین۔ ہر رجمنٹ مین کل ۸۸۰ گھوڑے ہوتے ہین چوتھے۔ پانچوین اور چھٹے اردو مین ۴۸ رجمنٹین ملیشیا یعنے حمیدیہ عساکر کی تیار کرنے کی تجویز ہے۔ جن کے افسر اون ہی کے سرغنایان قبایل ہون اور اون کو باقاعدہ فوج مین شامل کیا جاوے۔ قبیلے سوار گھوڑے اور ساز و سامان مہیا کرین گے اور سرکار اسلحہ عطاء کرے گی۔ ہر رجمنٹ مین ۵۱۲ سے ۱۱۵۲ تک آدمی ہونگے اور دستے چار سے چھ تک (یہ رجمنٹین تقریباً سب تیار ہوچکی ہین چند کرد رسالے فوجی خدمت کیلئے ستمبر ۱۸۹۷ء مین قسطنطنیہ بھی آئے تھے۔ جہان سے جنوری ۱۸۹۸ء کو واپس کردستان کو گئے۔ مترجم)۔

میدانی توپ خانہ کا اوس تجویز کے مطابق جو ۱۸۹۱ء مین منظور ہوئی از سر نو انتظام ہو رہا ہے اس سے توپ خانہ مذکور کی طاقت بہت ہی مضبوط اور زبردست ہو جاوے گی۔

تجویز یہ ہے کہ پہلے پانچ اردوعون مین سے ہر ایک مین ایک ایک پلٹن تین تین اپی باتریونکی اور چھ چھ رجمنٹین کوہی اور میدانی توپ خانہ کی ہون۔ جن مین تیس باتریان میدان اور چھ کوہی توپ خانہ کی ہون۔ اور ہر باتری مین بصورت کامل چھ چھ توپین ہون۔ ان چھ چھ رجمنٹون کے ہر ایک مجموعہ کے تین برگیڈ ہون گے۔ جن مین سے ایک فوج نظام کے متعلق دوسرا ردیف صنف اول اور تیسرا ردیف صنف ثانی کے متعلق ہوگا۔ چھٹے اردو مین دو رجمنٹین توپ خانہ یعنے بارہ میدانی اور دو کوہی باتریان ہونگی۔

ساتوین اردو مین ۳ میدانی اور ۴ کوہی باتریان۔ کریٹ مین چار کوہی باتریان اور طرابلس الغرب (ٹریپولی) مین چار میدانی اور دو کوہی باتریان ہونگی۔ اسطرح ٹرکی کے پاس پندرہ اپسی توپ خانہ کی باتریان۔ ۱۶۹ میدانی اور ۲۴ کوہی باتریان بمعہ کل ۱۳۵۶ توپون کے موجود ہوجائین گی۔ پہلے اردو مین بارود و سامان حرب اوٹھانے کیلئے گاڑیون کے دو سلسلے یا ٹرینین ہین اور دوسرے پانچ اردؤون مین ایک ایک۔ باربرداری کا کام عموماً بارکش جانورون سے لیا جاتا ہے۔ بحالت جنگ یعنی بصورت کامل ایک میدانی باتری مین ۷۱۳۱-افسر اور آدمی اور سو گھوڑے ہوتے ہین۔ قلعجاتی توپچانکی فوج مین ۴۳ پلٹنین ہین جن مین سے ۸ اقسطنطنیہ اور ارض روم کے اردؤون سے تعلق رکھتی ہین۔ اونمیں محکمہ توپ خانہ سے۔ ان مین سے بارہ کمپنیان باسفرس کی باتریون پر۔ ۸ مضیق بولیسر (جو گیلی پولی کے قریب جنگی حیثیت سے ایک نہایت کار آمد مقام ہے) کے مورچون پر اور باقی بحیرہ روم کے قلعون پر مامور ہین۔

۱۹ کمپنیان انجنیرونکی اور چار کمپنیان سلسلہ تار برقی بچھانے والونکی بھی سات اردؤون مین بٹی ہوئی ہین اور دوسرے اردو مین کشتیون کا پل تیار کرنے والی ایک پلٹن بھی ہے جس کے پاس کل سامان مکمل ہے۔ بارہ کمپنیان انجنیرونکی اور چار کمپنیان تارپیڈو اڑانے والونکی بھی محکمہ توپ خانہ کے ماتحت ہین صیغہ رسد رسانی تقریباً بالکل ہی سٹاف کے لیئے ہے۔ اور کمسریٹ کے گوداموں کیلئے زائد باربرداری کی ضرورت ہوگی صیغہ طبی مین صرف طبی افسر اور جراحین ہین۔ نہ تو کوئی حمال موجود ہین اور نہ میدانی شفاخانون کیلئے کوئی انتظام ہے مسلح جنگی پولیس کی ۱۱ پلٹنین ہین جو صلح و امن کے وقت ملکی حکام کی ماتحت رہتی ہین۔ ترکی فوج کی قابل جنگ فوجی اصناف کی تعداد و طاقت حسب ذیل ہے:۔

فوج پیدل	۶۴۸ پلٹنین	۵۸۳۲۰۰ آدمی
فوج سواران	۲۰۲ دستے	۵۵۳۰۰ "
توپ خانہ	۱۳۵۶ توپین	۵۴۷۲۰ "
انجنیر	۳۹ کمپنیان	۷۴۰۰ "
میزان		۷۰۰۶۲۰ آدمی

سوم بحری فوج[1] ترکی بحری طاقت تقریباً بالکل بیکار ہے۔ اوس مین جنگی قابلیت ایکلخت معدوم ہوگئی ہے۔ اور اوسکی موجودہ حالت پر بغور معاینہ کرنیسے تجدید طاقت سابقہ

[1] مسٹر سکاٹ کالٹی بھی مسٹر سٹیڈ ایڈیٹر ریویو آف ریویوز کیطرح جیساکہ اونکی تحریر سے معلوم ہوجائیگا عثمانیہ بحری طاقت کو کمزور و ناکارہ بتلاتے ہین۔ اس بو ثبات اتہام کی کتاب وقعات روم مین ہمنے مفصل تردید کر دی ہے۔ یہان اسکا اعادہ فضول ہے۔ مترجم ۔

کی بہت کم شہادت ملتی ہے

چند برس ہوئے عثمانیہ بحری طاقت کے چند عمدہ ترین جہاز دیگر سلطنتون کے پاس فروخت کر دیے گئے جس سے اوسکی طاقت بہت کمزور ہوگئی۔ اور پھر متواتر کئی برس اوسکی طرف سے تغافل شعاری برتے جانے کے بعد اب تھوڑے عرصے سے اوسکی درستی کیطرف توجہ کیگئی ہے۔ موجودہ جہازون مین سے سوائے چار کے اور سب ممالک غیر مین اور زیادہ تر انگلستان مین تیار ہوئے۔ اس وقت صرف تین جہازونکی نسبت یہ کہا جاسکتا ہے کہ وہ سمندر مین دور دراز سفر کرنے والے اور جنگی قابلیت رکھنے والے زرہ پوش جہاز ہین۔ باقیماندہ بقدر کم وزن ہین اور اتنے پرانے ہین (سب سے نیا ۱۸۷۵ء کا اور سب سے پرانا ۱۸۶۴-۶۵ء کا بنا ہوا ہے) کہ اب وہ مقامی حفاظت یا تجارتی بیڑہ کی حفاظت کرنے والے جہازون کے زمرہ مین شمار کیے جانیکے قابل ہین۔

ترکی بحری طاقت کی حالت یا زیر تعمیر جہازونکی کیفیت کہ وہ کہان تک مکمل ہوچکے ہین بمشکل معلوم ہوتی ہے تاہم جسقدر اطلاع ملکی اوسکی بنا پر مندرجہ ذیل جدول تیار کیگئی ہے۔ اس مین جہازات باربرداری بحری سپاہیون اور توپچیون کو مشق و قواعد کہانے کے جہاز اور جنگی قابلیت نہ رکھنے والے جہاز شامل نہین کیے گئے۔ بڑا مغالطہ اس امر سے ہوتا ہے کہ اعداد و شمار ایک عظیم الشان طاقت و قوت ظاہر کرتے ہین حالانکہ چھوٹے جہاز غالبًا ناکارآمد ہین۔

(۱)۔ جنگی جہاز درجہ اول	(یعنے جس کا وزن چھ ہزار ٹن سے اوپر ہو۔ بارہ برس سے زیادہ پرانا نہو۔ اور ۱۳ میل فی گھنٹہ سے کم رفتار نہو)	دسمبر ۱۸۹۵ء مین زیر تعمیر تہا	۱	۲
(۲)۔ جنگی جہاز درجہ دوم	(یعنے جس کا وزن پانچہزار ٹن سے کم اور ۲۷ برس سے زیادہ پرانا تہا اور رفتار ۱۳ میل فی گھنٹہ سے کم نہو۔)	تیار	۱	
(۳)۔ جہازات محافظ بنادر	.. .. ..	تیار	۷	
(۴)۔ زرہ پوش کروزر قسم کا جہاز درجہ اول شق الف	(یعنے جس کا وزن پانچہزار ٹن اور رفتار ۱۷ میل فی گھنٹہ سے کم نہو۔)	دسمبر ۱۸۹۵ء مین زیر تعمیر تہا	۱	۱۰
(۵)۔ ایضًا ایضًا شق ب	(موصوف بہ صفت بالا مگر جن کے ساتھ پرانے جنگی جہاز بھی شامل کردیے گئے ہین)	تیار	۹	

(۶) کروزر جہاز درجہ دوم { جو زرہ پوش نہین اور جن کا وزن دو ہزار ٹن سے کم نہو اور رفتار ۱۴ میل فی گھنٹہ سے کم نہ ہو۔ } دسمبر ۱۸۹۵ء مین زیر تعمیر تھے ۲

(۷) کروزر جہاز درجہ سوم شق الف۔ (جسکی رفتار ۱۲ میل سے کم نہ ہو۔ یہ زرہ پوش نہین اور انمین تارپیڈو و اگنبوٹ اور دوسرے اگنبوٹ بھی شامل ہین) دسمبر ۱۸۹۵ء مین زیر تعمیر تھے ۸ } ۳۰
تیار ۲۲

(۸) کروزر جہاز درجہ سوم شق ب (موصوف بصفت بالا۔ مگر رفتار بارہ میل سے کم ہو۔) دسمبر ۱۸۹۵ء مین تیار تھے۔ ۲۹

(۹) تارپیڈو کشتیان (معہ تارپیڈو غرق کرنے والے جہازات درجہ اول۔ (یعنے جو طول مین ۱۱۵ فیٹ سے کم نہ ہون۔) دسمبر ۱۸۹۵ء مین تیار تھین - ۱۹ } ۳۰
" زیر تعمیر - ۱۱

(۱۰) تارپیڈو کشتیان درجہ دوم - (یعنے جن کی لمبائی ۱۰۰ فیٹ سے ۱۱۴ فیٹ کے درمیان ہو۔) دسمبر ۱۸۹۵ء مین تیار - ۷

(۱۱) " درجہ سوم (" ۸۶ و ۱۰۰ فیٹ کے درمیان ہین) . . . .

میزان ...... دسمبر ۱۸۹۵ء مین زیر تعمیر ۲۲ - دسمبر ۱۸۹۵ء مین تیار ۹۵ - کل - ۱۱۷

(دسمبر ۱۸۹۴ء مین یہ تعداد ۱۰۷ تھی یعنی ۱۸۹۵ء مین چھ تارپیڈو کشتیان اور چار کروزر جہاز زیادہ ہوئے) عثمانیہ آہن پوش جہازات کی جدول؎ حسب ذیل ہے۔ اس مین پہلے بنادر کی حفاظتی جہاز۔ پھر جنگی جہاز۔ اور بعد مین زرہ پوش کروزر جہاز تاریخ تعمیر کی ترتیب سے درج کیئے گئے ہین۔ توپون کے خانہ مین ہلکی او مشین (کلدار) توپین نہین درج کیگئین۔

جدول آہن پوش جہازات

۱ نمبر شمار	۲ طرز ساخت۔ اور باٹریان کس موقعہ پر ہین۔	۳ نام جہاز	۴ کب سمندر مین اتارا گیا	۵ وزن ؎	۶ دبازت زرہ کی	۷ تعداد و اقسام توپ: تعداد	۷ تعداد و اقسام توپ: قسم توپ	۸ تارپیڈو غرق کرنے کے اوزار کتنے رکھتا ہے	۹ طاقت اسپی انجنون کی	۱۰ رفتار فی گھنٹہ
۱	زرہ پوش اگنبوٹ	فتح الاسلام - بندرگاہونکی حفاظتی جہاز - ۷ عدد	۱۸۶۴ء	۲۳۴۰ ٹن	انچ ۳	۲- آرمسٹرانگ	۷-انچ قطر کی	..	۲۹۰	۸ میل

؎ یہ جدول آہن پوش جہاز مسٹر رکاٹ کلٹی نے درج نہین کئے وہ کتاب واقعات روم کے بحری طاقت کے باب مین جدول مندرجہ حاشیہ مین درج کردیئے گئے ہین۔ مترجم ؎ جہاز کے وزن سے یہ مراد ہوتی ہے کہ وہ بشمولیت اپنے ذاتی وزن کے کل بقدر بوجھ اٹھانے کی قابلیت رکھتا ہے

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷		۸	۹	۱۰
۲	زرہ پوش اگنبوٹ	ممدوحیہ	سنہ ۱۸۶۴ء	ٹن ۳۳۰	انچ ۳	۲۔آرمسٹرانگ	۷ انچ قطر کی	-	۲۹۰	۸ میل
۳	باربٹ طرز کا ہے (یعنی جنگی توپین جہاز کے درمیانی حصہ مین ہونیکی بجائے تختۂ جہاز کے اوپر آہنی فصیلون پر چڑھی ہوتی ہین	عزیزیہ	سنہ ۱۸۶۴ء	۶۴۰۰	۵ ۱/۴	۲ (کروپ) ۸ (کروپ) ۶ (کروپ)	۱۱ انچ قطر کی ۵ ۳/۴ 〃 ۳ ۱/۴ 〃	۲	۲۴۴۰	۱۲
۴	ایضاً	محمودیہ	سنہ ۱۸۶۴ء	۶۴۰۰	۵ ۱/۴	ایضاً	ایضاً	۲	۳۴۴۰	۱۲
۵	ایضاً	عثمانیہ	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً
۶	ایضاً	ارخانیہ	سنہ ۱۸۶[illegible]ء	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً
۷	زرہ پوش اگنبوٹ	ہزبر	سنہ ۱۸۷۵ء	۴۰۰	۳	۲ کروپ	۵ ۳/۴ انچ قطر کی	-	۴۰۰	۷
۸	سنٹرل باٹری (یعنے جنگی توپین جہاز کے درمیانی حصہ مین قطار رواررکھی ہون)	جنگی جہاز عدد ۱ مسعودیہ (درجہ دوم)	سنہ ۱۸۷۴ء	۸۹۹۰	۱۲	۱۲۔آرمسٹرانگ ۳ (کروپ)۔	۸ ٹن وزنی ۱۰ انچ قطر کی ۵ ۳/۴ انچ قطر کی	-	۷۰۰	۱۳
۹	ایضاً	حمیدیہ (درجہ اول)	سنہ ۱۸۸۵ء	۶۷۰۰	۹	۱۰ (کروپ) ۲ (کروپ)	۱۰ ۱/۵ انچ کی ۶ ۳/۵ انچ کی	۲	۱۸۰۰	۱۳
۱۰	باربٹ طرز کا	عبد القادر کروزر زرہ پوش جہاز درجہ اول شق الف	زیر تعمیر	۸۰۰۰	۱۴	۴ (کروپ) ۶ (کروپ)	۱۱ انچ قطر کی ۵ ۳/۴ انچ کی جلد چلنے والی ہین	۱۰	۱۱۵۰۰	-
۱۱	سنٹرل باٹری طرز کا	کروزر جہاز درجہ اول شق ب ۹۔ آثار شوکت	سنہ ۱۸۶۸ء	۲۰۵۰	۶	۱۔آرمسٹرانگ ۴ (〃)	۹ انچ قطر کی ۷۔ انچ کی	-	۱۷۵۰	۱۱ ۱/۱۰
۱۲	ایضاً	نجم شوکت	سنہ ۱۸۶۸ء	۲۰۵۰	۶	ایضاً	ایضاً	..	۱۹۰۰	ایضاً

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷		۸	۹	۱۰
۱۳	سنٹرل باٹری طرز کا	آثار توفیق	۱۸۶۶ء	۴۶۰۰	۸	۸ کروپ	۹ ۴/۵ انچ کی	-	۳۵۶۰	۱۳ ۳/۱۰
۱۴	ٹرٹ قسم کا (یعنے جس کی توپین برج نما فصیلون پر چڑھی ہون)	حفظ رحمن	۱۸۶۴ء	۲۵۰۰	۵ ½	۲ آرمسٹرانگ ،، ۱ (کروپ)	۹ انچ کی ۷ انچ کی ۵ انچ کی	..	۲۲۰۰	۱۲
۱۵	سنٹرل باٹری	عون الله	۱۸۶۹ء	۲۳۱۰	۶	۴ آرمسٹرانگ	۹ انچ قطر کی	۱	۲۲۰۰	۱۲ ۱/۵
۱۶	ایضاً	اجلالیہ	۱۸۷۰ء	۲۲۴۰	۶	۲ آرمسٹرانگ ۲ (،،) ۱ (کروپ)	۹ انچ کی ۷ انچ کی ۵ ۳/۴ انچ کی	-	۱۸۰۰	۱۱
۱۷	ایضاً	فتح بلند	۱۸۷۰ء	۲۷۲۰	۹	۴ آرمسٹرانگ	۹ انچ قطر کی	۱	۲۲۰۰	۱۲
۱۸	ایضاً	معین ظفر	۱۸۷۱ء	۲۳۳۰	۶	۴ آرمسٹرانگ ۱ (کروپ)	۹ انچ کی ۴ ۳/۱۰ انچ کی	..	۲۲۰۰	۱۲ ½
۱۹	ایضاً	مقدم خیر	۱۸۷۲ء	۲۷۸۰	۹	ایضاً	ایضاً	..	۳۰۰۰	۱۲ ½

جہازات عزیزیہ ـ محمودیہ ـ ارخانیہ اور عثمانیہ (ہر ایک وزنی ۶۴۰۰ ٹن) جو جدول بالا مین پرانے ہونے کے باعث بطور حفاظتی جہازات درج کیے گئے ہین ایک ہی قسم کے پرانے جنگی جہاز ہین ـ اب ارادہ ہے کہ اونکو مقامی حفاظت سے بڑھکر کام دینے کے قابل بنایا جاوے) اونکی باٹریون کے دونون طرف گراں وزن کروپ توپون کیلئے دو باربیٹ ٹرٹ ،، (فصیلدار برج) بنائے جارہے یا بنائے جاچکے ہین. آہن پوش جہاز وزنی ۷۰۰۰ ٹن خاص عثمانیہ سرکاری کارخانہ واقع قسطنطنیہ مین تیار ہوکر ۱۸۸۵ء مین سمندر مین اوتارا گیا مگر عام خیال ہے کہ اوسکی تمام توپین ابھی تک اوسپر نہین چڑھی ہین ـ یہ جہاز مسعودیہ اور ناکمل زرہ پوش کروزر موسومہ عبدالقادر عثمانیہ جنگی بیڑہ کے سب سے بڑے جہاز ہین مسعودیہ ۳۳۲ فیٹ طویل اور اوس کا درمیانی عرض ۵۹ فیٹ ہے ـ وہ سنٹرل باٹری کے اصول پر انگریزی جہاز ہرقلیس کے نمونہ پر بنا ہوا ہے ـ اوسکی درمیانی منزل پر منہہ کیطرف سے بھرنے والی آرمسٹرانگ قسم کی اٹھارہ اٹھارہ ٹن وزنی بارہ توپون کی باٹری موجود ہے ـ اور اوسکی اطراف پر سطح آب پر بارہ انچ دبیز فولادی چادرین منڈھی ہوئی ہین ـ عبدالقادر ۸۰۰۰ ٹن وزنی اور

۰۴۴ فیٹ لمبا ہے۔ اور اوسکے انجن ساڑہے گیارہ ہزار گھوڑونکی طاقت کے ہون گے جس سے اوسکی رفتار بہت تیز ہوگی۔ اوسکی بڑی بڑی توپین چار گیارہ انچ قطر والی ہونگی۔

جہاز خداوندگار اور ایک اور اوسی کی طرز و جسامت کا جہاز زیر تعمیر ہے۔ اون مین سے ہر ایک کا وزن ۰۵۰۳۴ ٹن ہوگا۔ اور رفتار فی گھنٹہ بارہ میل ہوگی یہ کروزر قسم کے جہاز ہین۔ اور اونکی صرف ڈیک (چھتین) زرہ پوش ہونگی۔ کہا جاتا ہے کہ انہی جیسے دو اور جہاز عنقریب بننے والے ہین تین نسبتاً چھوٹے جہاز اور بھی اسی قسم کے (وزنی سولہ سولہ سو ٹن) زیر تعمیر ہین۔ ایک تیسرے درجہ کا کروزر چوب و فولاد کا بنا ہوا موسومہ طلعت ہمایون وزنی تیرہ سو ٹن اور ایک تارپیڈو پکڑنے والا جہاز موسومہ شاہین دریا جسکی رفتار فی گھنٹہ ۲۱ میل ہے سنہ ۱۹۱۲ء مین سمندر مین اُتارے گئے تھے۔ جدید تارپیڈو کشتیان اور تارپیڈو پکڑنے و غرق کرنے کے جہاز مقام البنگ (واقع جرمنی) مین تیار ہو رہے ہین (انمین سے کئی ایک تیار ہوکر قسطنطنیہ پہونچ چکے ہین۔ مترجم) مگر تارپیڈوون کے بیڑہ کی قدر و منزلت مشتبہ ہے۔ گولڈن ہارن (قسطنطنیہ کا لنگرگاہ) مین تارپیڈوون کے لیئے جو اسٹیشن قایم کیا گیا ہے۔ وہ ابھی تک نامکمل ہے۔ علم بردار جہاز آثار توفیق مین دو برسون سے انجنون کے بایلر نادر دہین۔

بحری فوج مین بری فوج کیطرح یعنے کچھ جبریہ قاعدہ ملازمت سے اور کچھ بمرضی خود رنگروٹ بھرتی ہوتے ہین۔ بحری فوج مین میعاد ملازمت بارہ سال ہے۔ پانچ برس مستعد ملازمت مین تین برس اوسکے ریزرو مین اور چار برس رودیف مین۔ بحری فوجکی نام بہا د طاقت حسب ذیل ہے۔

وائس ایڈمیرل (نائب امیر البحر) ۶ ریر ایڈمیرل (دوسری طرح کا نائب امیر البحر جو عقب مین ہو) ۱۱ کپتان ۲۰۸۔ کمانڈر (کمانیر) ۲۸۹۔ لفٹننٹ ۸۲۲۔ انساین (لفٹننٹ سے چھوٹا عہدہ دار علم بردار) ۷۸۱ ملاح ۸ ہزار بحری سپاہی تقریباً نو ہزار۔

پیداوار و صنعت و حرفت

ترکی مین اراضی مندرجہ ذیل چار مختلف اقسام مین منقسم ہین (۱) میری یعنے اراضیاتِ سرکاری۔ (۲) وقف یا اراضیات برائے مقاصد مذہبی و خیراتی۔ (۳) ملکانہ یعنی عطیاتِ شاہی (۴) ملک یعنی اراضیات لاخراج۔ ترکی کی اراضیات کا بہت سا حصہ میری ہے۔ اور وہ براہ راست سرکار سے برائے کاشت لیجاتی ہین۔ گورنمنٹ غیر مقبوضہ یعنے خالی قطعات پر کاشت کرنے کا استحقاق بعض مقررہ رسوم لے کر عطاء کر دیتی ہے مگر اراضی مذکورہ

اوسکا استحقاق ملکیت برابر قایم رہتا ہے۔ کیونکہ عطاء اراضی کی ایک یہ بھی شرط ہوتی ہے کہ اگر مالک (یعنی قابض) تین برس تک اوسے کاشت نہ کرے تو وہ ضبط ہو جاے گی۔ وقف کا طریقہ قایم تو ہوا تھا اس لیئے کہ مساجد مدارس کی تعمیر سے شاہی مذہب (اسلام) کی حمایت اور رعایا کی تعلیم کا انتظام کیا جاوے۔ مگر گذشتہ زمانہ سے یہ مدعا پس پشت ڈالدیا گیا۔ یا اوس سے پہلوتہی کر دیا گیا ہے۔ اور اکثر اراضیات وقف کو سرکاری حکام نے ضبط کر لیا ہے۔

تیسری قسم یعنے ملکانہ قسم کی اراضیات وہ ہین جو پچھلے زمانہ مین سپاہیون کو فوجی خدمت کے عوض عطا ہوئی تھین۔ وہ موروثی ہین اور اونکی عشر سے مستثنیٰ ہین۔ چوتھی قسم (ملک) یا اراضی لاخراج کچھ بہت وسیع موجود نہین۔ قصبات کی کچھ زیر عمارت اراضی اور آبادیہائے دیہات کی متصلہ وملحقہ اراضیات جن کو دہقان وقتاً فوقتاً گورنمنٹ سے خرید لیتے ہین۔ ملک قسم کی ہین۔

قابل زراعت اراضی کا بہت تھوڑا حصہ زیر کاشت ہے جس کی بڑی وجہ سڑکون اور وسایل بار برداری کی کمی ہے کیونکہ ایسی صورت مین غلہ کے باہر لیجانے مین اتنا خرچ پڑتا ہے کہ کوئی فایدہ نہین ہو سکتا علاوہ برین چونکہ ہر پیداوار کا عشر لے لیا جاتا ہے اس لیئے دہقان اپنی ذاتی یا بدرجہ غایت مقامی ضرورت سے زیادہ کاشت کرنے کی کوشش نہین کرتا۔ ان اسباب کے ماسوا زرعتی پیداوار کے بڑھنے مین یہ امر بھی مانع ہے کہ اگر غلہ ایک صوبہ سے دوسرے صوبہ مین جاے تو بھی محصول درآمد لے لیا جاتا ہے (اعلیحضرت نے یہ محصول معاف کر دیا ہوا ہے۔ دیکھو وقعات روم مترجم)۔

طریقہ کاشت نہایت ہی سادہ اور وہی ہے جو صدیون سے چلا آتا ہے۔ زمین عموماً نہایت ہی زرخیز ہے۔ بڑی بڑی پیداوارین یہ ہین۔ تمباکو۔ ہر قسم کی اجناس خوردنی۔ کپاس۔ انجیر۔ اخروٹ۔ بادام۔ انگور۔ زیتون اور جملہ اقسام کے میوہ جات وپھل۔ قہوہ۔ مجیٹھ۔ افیون اور مختلف گوندین بمقدار کثیر ممالک غیر کو جاتی ہین۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ یوروپ و ایشیا دونون براعظمون مین سلطنت عثمانیہ کے چار کروڑ چالیس لاکھ ایکڑ زیر کاشت ہین۔ جب سے مرض فلاکسورا نے فرانس مین انگورونکی بیلون کا ستیاناس کیا ہے تب سے ٹرکی سے فرانس کو انگوری شراب بکثرت جانی شروع ہو گئی ہے۔ سال ۸۶-۱۸۸۵ء مین ۲۰۳۰۸۵۲۱ لیٹر[لہ] شراب گئی اور فی ہیکٹولیٹر ۱۳ فرینک (۲۵ فرینک کا ایک پونڈ) قیمت وصول ہوئی۔ عثمانیہ قوانین جنگلات فرانس کی قوانین کے

لہ لیٹر ایک فرانسیسی پیمانہ ہے سو لیٹر کا ایک ہیکٹولیٹر جو ۲۲ گیلن کے برابر ہوتا ہے۔ مترجم ۱۲

مطابق ہین۔ مگر اونکی تعمیل کما حقہ نہ ہونے سے ملک کی قیمتی درخت اور لکڑی دن بدن کم ہو رہی ہے۔ محفوظ جنگلات کا رقبہ تقریباً دو کروڑ دس لاکھ ایکڑ ہے۔ جن مین سے ۲۵ لاکھ یورپین ٹرکی مین ہین۔ ریشمی کیڑونکی پرورش اور ریشمی پیداوار کیڑون مین وبا پھیلجانے سے بہت کم ہوگئی تھین۔ مگر اب پھر روبترقی ہے ۱۸۹۰ء مین چار کروڑ پیاسٹر (چار لاکھ پونڈ) کے ریشمی کوئے۔ اور دس کروڑ بیس لاکھ پیاسٹر (دس لاکھ بیس ہزار پونڈ) کا ابریشم خام ملک سے باہر گیا۔ ریشم کی پیداوار کا بہت سا حصہ باہر جاتا ہے مگر کسیقدر دیسی ریشمی پارچات بنانیکے لیئے ملک مین بھی خرچ ہوتا ہے۔

گو ملک معدنیات سے مالامال ہے مگر قوانین کان کنی بہت سخت ہین۔ کوئلہ۔ تانبا۔ سیسہ۔ چاندی۔ لوہا۔ میگنیشیا۔ رانگ۔ طوطیا۔ گندھک۔ نمک۔ پھٹکری اور خاصکر کوئلہ بافراط موجود ہے۔ مگر انکے نکالنے کیلیئے چندان کام نہین ہوتا۔ جو دھات باہر جائے اوسپر ۱۰ فیصدی محصول لیا جاتا ہے۔ ملکی ضروریات خانہ داری کے لیئے پیتل اور تانبے کے برتن دیسی محنت سے بکثرت تیار ہوتے ہین۔ کارخانجات شیشہ آلات۔ کاغذکی کلین اور پارچہ بافی کے کارخانے بھی جاری ہوگئے ہین۔ قالین جو سال مین تقریباً ڈیڑھ لاکھ پونڈ کے باہر جاتے ہین۔ دستی کرگہون پر تیار ہوتے ہین اسی طرح ملکی قسم کے پارچات پوشیدنی کا حصہ کثیر ہاتھ سے بنا جاتا ہے۔ ٹرکی مین مچھلی کی بڑی بڑی شکارگاہین موجود ہین۔ ایکلی آبنائے باسفرس کی شکارگاہون سے اڑہائی لاکھ پونڈ سے زیادہ مالیت کی مچھلی پکڑی جاتی ہے۔ بحیرہ روم کے ساحل پر نہایت عمدہ اسفنج پیدا ہوتا ہے بحیرہ قلزم سے سیپ اور خلیج فارس سے موتی برآمد ہوتے ہین*

تجارت

تمام اشیائے درآمد پر بحساب مالیت ۸ فیصدی محصول لیا جاتا ہے سوائے تمباکو اور نمک کے جن کا حق فروخت فقط گورنمنٹ کو حاصل ہے۔ جو ملکی پیداوار ممالک غیر کو جائے اوسپر ایک فیصدی محصول برآمد لیا جاتا ہے۔ لیکن اگر ایک صوبہ سے دوسرے صوبہ مین لیجایا جائے تو ۸ فیصدی محصول لیا جاتا ہے۔ اس اندرونی محصول کو کلیتاً موقوف کردینے کا ارادہ ہے۔ اور ۱۸۹۳ء سے گندم اور دیگر اجناس خوردنی سے ہٹایا جاچکا ہے۔ جو اشیاء مدارس۔ گرجون۔ سفارتخانون قونصل خانون کیلئے آئین اور نیز زرعتی کلین اور سامان ریل محصول سے بری ہین۔ مندرجہ ذیل جدول سے جو ٹرکی پرسٹ خانون کے نقشون سے تیار کیگئی ہے۔ ۱۳ مارچ ۱۸۹۱ء لغایت ۱۲ مارچ ۱۸۹۲ء و ۱۳ مارچ ۱۸۹۲ء لغایت ۱۲ مارچ ۱۸۹۳ء مین مختلف ممالک کے ساتھ ٹرکی کی جسقدر تجارت ہوئی اوسکی مالیت ملکوار معلوم

ھوجائے گی۔ مالیت سکہ پیاسترمین درج کیگئی ہے۔

ملک	درآمد ۱۸۹۱-۹۲ء	درآمد ۱۸۹۲-۹۳ء	برآمد ۱۸۹۱-۹۲ء	برآمد ۱۸۹۲-۹۳ء
	پیاستر	پیاستر	پیاستر	پیاستر
برطانیہ کلان	۱۰۲۰۱۱۲۸۹۶	۹۷۸۱۵۰۸۰۴	۴۸۶۳۰۲۳۲۱	۷۰۱۹۳۹۲۲۲
آسٹریا	۴۵۹۷۱۸۱۳۰	۵۰۹۹۱۹۶۶۴	۱۲۳۲۲۶۹۹۷	۱۵۱۱۷۹۸۸۳
فرانس	۳۰۲۱۳۷۳۷۵	۲۹۶۲۹۰۶۷۴	۴۵۰۷۰۰۲۱۶	۳۸۰۰۳۵۷۷۸
روس	۱۸۶۸۹۸۹۲۵	۱۲۸۹۳۴۷۹۱	۲۵۳۳۱۳۲۱	۳۲۱۷۶۳۲۷
اٹلی	۵۷۶۹۸۷۲۰	۵۸۰۰۵۰۱۶	۵۴۳۶۵۴۴۱	۷۸۴۴۶۵۵۹
بلگیریا	۹۴۰۱۰۴۱۸	۱۲۴۴۸۴۳۹۸	۴۰۲۶۵۶۷۰	۴۲۹۷۴۵۶۴
ایران	۶۵۳۲۱۱۵۹	۵۵۸۶۳۶۹۹	۱۵۲۵۶۴۸	۲۰۲۵۳۸۸
یونان	۴۲۲۸۵۴۴۱	۳۷۲۸۰۲۷۷	۵۴۷۷۹۴۳۸	۴۱۳۷۱۳۳۵
بلجیم	۶۴۹۷۶۴۲۳	۶۶۷۹۰۲۸۲	۳۱۱۰۶۶۶	۳۸۸۲۳۳۴
رومینیا	۴۵۹۷۸۴۳۱	۵۷۷۰۳۲۲۲	۲۹۱۱۷۸۸۶	۲۳۶۲۴۸۸۶
صوبجات متحدہ امریکہ	۳۲۴۵۳۹۲	۸۷۶۵۳۰	۲۳۲۸۱۳۳۳	۱۶۳۶۷۸۸۷
ٹیونس	۶۱۲۹۱۹۳	۶۱۷۲۷۷۶	۲۱۹۹۷۳	۷۱۷۰۷
سرویا	۷۲۵۱۸۴۳	۷۰۵۰۵۳۸	۵۱۵۱۱۰۴	۷۴۶۲۸۸۸
ہالنڈ	۱۲۱۷۲۳۱۳	۱۲۴۸۳۳۱۳	۲۳۵۹۲۲۲۱	۴۲۹۴۲۶۶۶
جرمنی	۱۸۴۳۳۹۲۷	۲۷۹۷۸۴۹۱	۱۳۹۹۶۲۱۸	۳۶۷۷۲۲۰
مصر	۶۱۷۱۴۱۶۸	۶۶۴۲۶۴۶۸	—	—
سویڈن	۶۶۶۱۴۰۲	۸۰۶۴۲۶۵	۵۵۵	۰
مانٹی نیگرو (جبل اسود)	۸۳۲۱۶۵	۷۹۵۵۵۴	۴۶۷۴۹۷	۲۶۸۴۸۷
جزیرہ سموس	۱۰۱۷۳۷	۷۳۱۲۳	۲۸۶۵۰۱	۲۸۱۸۷۵
ڈنمارک	۱۳۳۴۷	۳۱۶۱۰	۳۱۸۲۲۱	۶۸۲۳۳۲

نام ملک	درآمد سنہ ۹۲-۱۸۹۱ء	درآمد سنہ ۹۳-۱۸۹۲ء	برآمد سنہ ۹۲-۱۸۹۱ء	برآمد سنہ ۹۳-۱۸۹۲ء
ہسپانیہ	۵۸۳	۷۱۱۱	۴۰۶۳۳۳	۲۸۲۰۱۱۱
جاپان	-	۳۳۱۶۱۶۷	-	-
میزان	۲۴۵۵۳۹۳۹۸۸	۲۲۴۶۶۹۸۵۴۲	۱۵۳۷۰۰۵۰۲۴	۱۵۵۷۲۰۴۲۰۰

سنہ ۹۲-۱۸۹۱ء مین کل اسباب تجارتی ۲۴۵۵۳۹۳۹۸۸ پیاستر کا داخل ہوا اور ۱۵۳۷۰۰۵۰۲۴ پیاستر کا مال غیر کو گیا۔

سنہ ۹۳-۱۸۹۲ء مین کل سلطنت کی چونگی خانون مین محصول درآمد و برآمد کی بابت ۱۹ کروڑ پچاس لاکھ ۴۹ ہزار ۶ سو ۴۷ پیاستر داخل ہوئے جن مین سے ۱۸ کروڑ ۸ لاکھ ۷۲ ہزار ۸ سو ۷۵ پیاستر محصول درآمد کی بابت تھے اور ایک کرور بیالیس لاکھ ۱۶ ہزار ۸ سو ۳۴ پیاستر محصول برآمد کی بابت تھے۔

سلطنت عثمانیہ کی تجارت درآمد مین سے ۳۹ فیصدی اور تجارت برآمد مین سے ۴۵ فیصدی برطانیہ کلان کے ساتھ ہے۔

مندرجہ بالا جدول مین جنس تمباکو کی برآمد شامل نہین۔ سال ۸۷-۱۸۸۶ء مین ایک کروڑ ۱۶ لاکھ ۸۸ ہزار باون کیلوگرام (کیلوگرام = ۲.۲۰۴۶ پونڈ = تخمیناً ایک سیر ۳/۴ ۶ چھٹانک) تمباکو باہر گیا۔ ۸۸-۱۸۸۷ء مین ایک کروڑ تین لاکھ ۷۳ ہزار ۲ سو ۷۱ کیلوگرام۔ سال ۹۰-۱۸۸۹ء مین ایک کروڑ چار لاکھ ۴۵ ہزار ۴ سو ۷۲ کیلوگرام۔ سنہ ۹۲-۱۸۹۱ء مین ایک کروڑ دو لاکھ ۷۳ ہزار ۴ سو ۹۰ کیلوگرام اور سال ۹۳-۱۸۹۲ء مین ایک کروڑ ۸۳ لاکھ ۶۲ ہزار ۲۱ کیلوگرام باہر گیا۔

سنہ ۹۲-۱۸۹۱ء مین تجارت درآمد و برآمد کی بڑی بڑی اجناس یہ تھین۔

درآمد سنہ ۹۲-۱۸۹۱ء		برآمد سنہ ۹۲-۱۸۹۱ء	
نام جنس	مالیت پیاستر مین	نام جنس	مالیت پیاستر مین
میز پوش۔ چادرین وغیرہ	۲۲۷۳۵۲۱۳۵	گندم	۱۷۶۲۱۴۲۳۰
توشک لحاف وغیرہ	۱۳۵۲۶۵۸۲۴	جو	۷۱۶۶۴۷۸۷
قند	۱۲۹۹۵۰۵۲۳	پیغمبری گندم	۲۱۵۳۴۷۷۶

درآمد ۹۲-۱۸۹۱ء		برآمد ۹۲-۱۸۹۱ء	
نام جنس	مالیت پیاسترون مین	نام جنس	مالیت پیاسترون مین
سوتی پارچات و دہاگہ	۱۲۷۹۹۷۷۸۱	تیل	۱۶۹۸۹۱۲۵
قہوہ	۹۷۷۲۶۷۷۸	جوار	۱۳۸۶۴۹۲۵
چاول	۸۷۷۶۴۴۸۸	مکی	۱۲۲۹۵۶۸۰
مدافولم	۶۸۳۲۲۶۹۴	اوٹ (پیغمبری جو)	۱۳۴۵۰۷۹۱
مٹی کا تیل	۶۵۷۹۹۲۹۳۰	دیگر غلے	۱۹۹۷۸۵۵۴
سوجی	۶۴۸۰۴۶۷۵	خشک انگور کشمش و منقے	۱۶۶۴۹۰۹۴۱
اونی پارچات	۶۴۲۳۲۴۱۱	ریشم	۱۰۹۱۲۰۰۱
کپڑا	۴۴۱۷۳۸۲۰	ریشم کے کوئے	۴۴۴۲۹۸۸۸
لوہا	۴۳۹۰۶۵۴۳	زیتون کا پھل	۸۴۰۵۹۱۱۱
چمڑا (دباغت شدہ)	۳۹۰۷۹۷۵	روغن زیتون	۲۳۵۴۸۰۸۴
قالین اور دریان	۳۹۰۶۳۲۴۰	انجیر تر	۴۳۳۸۴۱۳۴
کشمیرا	۳۸۳۷۲۵۸۴	خرما و کھجورین	۲۳۷۳۲۲۴۵
گیہون	۳۰۳۶۵۴۲۲	سنگترے و چکوترے	۱۰۹۶۵۰۴۹
مکی۔ جو۔ پیغمبری جو۔	۲۱۸۸۳۴۵۱	دیگر پھل	۵۰۶۶۶۸۴
سوتی و اونی پارچات	۳۶۳۲۶۰۱۳	اخروٹ بادام وغیرہ	۲۵۷۱۶۶۸۶
لکڑی	۳۱۹۶۶۵۶۴	موہیر بکریونکی ریشم	۵۴۷۷۲۷۱۹
بھیڑیان اور بکریان	۲۸۶۳۵۱۴۲	ولونیا (رنگنے کا مصالحہ)	۵۲۷۹۳۶۱۲
سستے سامان کپڑے	۲۸۳۳۲۱۲۴	قہوہ	۵۲۲۵۱۰۱۳
آہنی اسباب	۲۷۸۱۹۹۸۹	اون	۴۶۹۳۸۷۳۷
ریشمی پارچات	۲۶۹۵۸۲۹۵	کپاس	۴۱۱۲۷۴۵۸
ریشم	۲۵۵۲۲۵۲۹	کھالین بھیڑون اور بکریونکی	۳۷۱۸۵۴۱۵

درآمد ۹۲-۱۸۹۱ء		برآمد ۹۲-۱۸۹۱ء	
نام جنس	مالیت پیاسٹروں مین	نام جنس	مالیت پیاسٹرون مین
اسپرٹ (روح شراب)	۲۵۶۲۳۷۰۸	غیر مصنفی معدنیات	۳۳۰۷۳۸۸۸
ادویہ (نباتاتی)	۲۴۷۸۹۱۰۵	دالین	۲۸۷۵۰۶۵۱
بوریان اور تھیلے (ٹاٹ کی)	۲۵۰۳۶۲۱۶	قالین	۲۵۲۹۹۰۸۲
چمڑا (کچا)	۲۳۸۵۴۱۴۶	سکھلائی ہوئی مچھلی	۱۸۲۸۶۱۳۸
ٹوپیان اور کلاہ	۲۳۰۵۵۴۴۱	گھوڑے و خچرین	۱۳۹۳۴۳۳۷
کاغذ مختلف اقسام کا	۲۲۶۹۳۷۰۹	شراب انگوری	۱۳۰۷۶۳۶۱
کاغذ سگریٹ بنانے کا	۱۰۷۵۰۵۰۰	حلفی شراب	۱۲۲۶۸۶۵۳
کوئلہ پتھر کا	۲۲۲۵۵۶۵۴	سوداشی	۹۴۱۱۴۹۳
مکھن	۲۲۱۰۲۶۳۵	اسپست	۹۲۲۷۳۳۳
ماہین	۱۸۶۲۴۷۳۲	بھیڑین و بکریان	۷۸۸۶۵۱۳
دھاگہ	۱۸۰۹۴۶۶۹	انڈے	۷۷۶۵۷۲۲
نیم سوتی	۱۸۳۳۵۲۰۸	مرغ وغیرہ	۷۶۲۹۵۵۳
آہنی اوزار	۱۷۶۲۹۹۶۶	مکھن	۷۱۴۷۲۱۰
تانبے کی چادرین اور نلیان	۱۷۲۳۶۷۶۴	سنگھارے	۷۰۳۹۸۶۵
پولسے باندھنے کا کپڑا	۱۵۴۴۸۰۵۰	اسفنج	۶۸۷۲۲۲
روغن زیتون	۱۵۱۳۷۷۲۳	گوند	۵۳۱۷۷۸۹
تمباکو (ٹمبٹی)	۱۵۱۴۸۴۰۹	چاول	۵۴۳۷۴۷۰
پنیر	۱۴۸۰۲۱۷۴	دہاتی [illegible]	۵۷۹۹۴۴۵
مویشی	۱۴۵۱۷۴۲۰	مصطر	۶۲۲۰۵۵۵
نیل	۱۴۲۲۷۴۷۹	۰	۰

گذشتہ پانچ برسون مین برطانیہ کلان اور کل سلطنت عثمانیہ واقعہ یوروپ و ایشیا کے درمیان انگریزی

تجارت کے نقشوں کی رو سے حسب ذیل مالیت کی تجارت ہوئی۔

	سنہ ۱۸۹۰ء	سنہ ۱۸۹۱ء	سنہ ۱۸۹۲ء	سنہ ۱۸۹۳ء	سنہ ۱۸۹۴ء
	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ
ٹرکی سے برطانیہ کلان مین داخل ہوا	۴۸۱۶۸۸۳	۵۴۴۲۸۸۱	۵۵۵۱۷۹۸	۴۹۷۸۷۲۱	۴۸۹۹۸۱۵
ٹرکی مین جو برطانیہ کلان سے گیا۔	۹۷۷۲۰۹۱	۶۵۵۳۸۷۸	۶۱۹۰۱۱۴	۵۷۶۸۷۴۷	۶۵۲۰۱۵۱

ٹرکی سے سلطنت متحدہ (انگلستان۔ سکاٹ لینڈ۔ ویلز اور آئرلینڈ) مین بڑی بڑی اجناس حسب ذیل آئین:۔ غلہ سنہ ۱۸۹۲ء مین ۱۷۱۵۰۸۵ پونڈ کا۔ سنہ ۱۸۹۳ء مین ۴۱۰۳۵ پونڈ کا۔ سنہ ۱۸۹۴ء مین ۴۲۱۲۱۳۸ پونڈ کا

اون اور ریشم سنہ ۱۸۹۲ء مین ۳۰۲۰۸۳۰ پونڈ کی سنہ ۱۸۹۳ء مین ۹۹۰۳۴ پونڈ کی سنہ ۱۸۹۴ء مین ۸۲۹۳۱۴ پونڈ کی۔

ولونیا (رنگنے کا مصالحہ) سنہ ۱۸۹۲ء مین ۴۳۴۹۰۴ پونڈ کا سنہ ۱۸۹۳ء مین ۹۷۸۴۹۳ پونڈ کا۔ سنہ ۱۸۹۴ء مین ۲۹۱۰۸۰ پونڈ کا۔

افیون سنہ ۱۸۹۱ء مین ۶۵۵۲۰۰ پونڈ کی سنہ ۱۸۹۲ء مین ۲۲۲۸۹۱ پونڈ کی سنہ ۱۸۹۳ء مین ۶۰۳۴۲۱ پونڈ کی سنہ ۱۸۹۴ء مین ۳۶۹۷۱ پونڈ کی۔

پھل (جس مین زیادہ تر انجیر بن اور کشمش و منقے ہوتے ہین) سنہ ۱۸۹۲ء مین ۸۶۰۹۳۷ پونڈ کے۔ سنہ ۱۸۹۳ء مین ۱۴۸۹۳۹ پونڈ کے۔ اور سنہ ۱۸۹۴ء مین ۸۴۳۲۰۸ پونڈ کے۔

برطانیہ کلان سے زیادہ تر کل کا بنا ہوا کپڑا جاتا ہے سنہ ۱۸۹۴ء مین سوتی پارچات ۲۳۲۱۳۹۰۴ پونڈ کے جرابین موزے وغیرہ ۱۲۳۱۹۰۸ پونڈ کے۔ اونی کپڑے ۷۳۸۵۴۲ پونڈ کے۔ لوہا (گھڑا اور ان گھڑا) ۷۴۵۱۹ پونڈ کا۔ تانبا (گھڑا اور ان گھڑا) ۵۱۹۸۴ پونڈ کا۔ پتھر کا کوئلہ ۶۵۲۲۰۵ پونڈ کا۔ اور شیری (کلبن) ۴۲۳۶۶ پونڈ کی گئین۔

ایشیائی ٹرکی کے بندرگاہ طرابزون مین جو بحیرۂ اسود پر واقع ہے سنہ ۱۸۹۴ء مین ۹۰۸۴۲۱۵ پونڈ کا مال داخل ہوا جس مین سے ۹۴۵۳۶۹۰ پونڈ کا ایران کو گیا۔ ۸۰۲۲۰۶ پونڈ کا مال اس بندرگاہ سے باہر گیا۔

جس مین سے ۴۰۴۳۶۱۲ پونڈ کا ایران سے آیا۔

سنہ ۱۸۹۴ء مین مقامات مندرجہ ذیل مین وآمد و برآمد حسب تفصیل ذیل ہوئی۔

حلب مین ۱۸۲۸۶۶۷ پونڈ کا مال آیا۔ اور ۹۵۱۵۳۹ پونڈ کا وہان سے گیا۔ جافہ۔ ۳۷۳۲۳۳ پونڈ کا آیا۔ اور ۲۸۵۶۰۴ کا گیا۔ بصرہ ۱۱۵۵۶۹۷ پونڈ کا آیا اور ۱۷۲۹۱۵۶ پونڈ کا گیا۔ دمشق ۶۱۳۴۴۰۹ پونڈ کا آیا۔ اور ۳۱۷۵۰۰ پونڈ کا گیا۔ جدہ۔ ۷۷۱۹۰۰ پونڈ کا آیا۔ اور ۵۷۴۷۰ پونڈ کا گیا۔ ٹریپولی (طرابلس الغرب) ۳۱۷۵۰۰ پونڈ کا آیا اور ۳۹۲۹۹۰ پونڈ کا گیا۔

تجارتی جہازات اور جہازرانی

لائیڈ ایجنسی کے رجسٹر کے مطابق سنہ ۱۸۹۴ء[1] مین سلطنت عثمانیہ کے تجارتی بیڑہ مین ۹۸ دخانی جہاز (جن مین سے ہر ایک کا وزن سو ٹن یا سو ٹن سے متجاوز ہے) وزنی ۷۱۳۵۸ ٹن اور ۹۸۰ بادبانی جہاز وزنی ۱۹۴۹۲ ٹن تھے۔

مارچ سنہ ۱۸۹۴ء سے فروری سنہ ۱۸۹۵ء تک ٹرکی کے کل بندرگاہون مین ۱۹۲۲۶۹ جہاز وزنی ۲۹۱۸۵۱ ٹن کے آئے اور گئے۔ خاص قسطنطنیہ مین سنہ ۱۸۹۴ء مین ۲۷۵۸ جہاز ۸۸۲۹۵۵۳۱ ٹن وزن کے داخل اور وہان سے روانہ ہوئے۔ ان مین سے ۱۴۶۷۰ جہاز وزنی ۹۳۲۳۸۳۳۱ ٹن بیرونی تجارت اور باقیماندہ ساحلی تجارت مین مصروف رہے۔ بیرونی تجارت کرنے والون مین سے ۹۸۲۴ جہاز وزنی ۶۸۷۰۱ ٹن بادبانی تھے۔ ۸۶۶۵ وزنی ۹۳۸۸۷۰۱ ٹن دخانی تھے۔ اور ۲۵۷۱ جہاز وزنی ۴۷۳۰۹۸ ٹن ایسی کمپنیون کے تھے جنھون نے باقاعدہ طور پر قسطنطنیہ سے سلسلہ آمد و رفت قایم کیا ہوا ہے۔ انگریزی جہاز تعداد مین ۱۲۵۱۶ وزنی ۱۴۰۵۱۲۰۶۸ ٹن تھے۔

سنہ ۱۸۹۴ء مین ۳۹۳۲ جہاز وزنی ۵۶۶۸۹۷۷۱ ٹن (جن مین سے ۷۸۲ جہاز وزنی ۴۱۴۴۲۳ ٹن انگریزی تھے) سمرنا کے بندرگاہ مین داخل ہوئے اور ۱۳۰۳ جہاز وزنی ۷۵۳۵۹۵ ٹن (جن مین سے ۵۰۱ جہاز وزنی ۱۹۴۶۰۱ ٹن انگریزی تھے) بیروت کے بندرگاہ مین داخل ہوئے۔ جو جہاز اس بندرگاہ مین داخل ہوئے ان مین سے ۲۳۴۲ جہاز وزنی ۳۵۴۰۴ ٹن عثمانیہ تھے۔

---

[1] سنہ ۱۸۹۵ء مین اس بیڑہ مین ہر دو قسم کے جہازات کی جو تعداد تھی وہ بعنوان واقعات روم مین درج کر دیگئی ہے۔ مولف۔

سلسلہ خطوط وکتابت ووسائل آمد ورفت اندرون ملک مین

۱۸۸۸ء کے موسم بہار سے ٹرکی اور باقیماندہ یوروپ کے درمیان براہ راست ریلوے لاین کے ذریعہ سے آمد ورفت کا سلسلہ قایم ہو گیا ہے۔ یوروپ کیطرف جانے والی بڑی بڑی لائنین قسطنطنیہ اور سالونیکا سے شروع ہوتی ہین۔ آخرالذکر بندرگاہ کا راستہ انگلستان سے مصر جانیکے لیئے اب سب سے قریب ترین ہے۔

سلطنت عثمانیہ واقع یوروپ وایشیا مین ۱۳۔ اگست ۱۸۹۵ء تک جو لاینین جاری ہو چکی تھین اونکے نام حسب ذیل ہین:-

نام لاین	کتنے میل جاری ہے		نام لاین	کتنے میل جاری ہے
۱۔ قسطنطنیہ۔ اڈریانوپل مصطفی پاشا۔	۲۲۲	x	۲۔ سالونیکا۔ سکب متروونزا۔	۲۲۷
۳۔ وادی آغاج۔ اڈریانوپل۔	۹۳	x	۴۔ سکب۔ زبنفچہ۔	۵۳
۵۔ سالونیکا۔ وادی آغاج (معہ شاخون کے)	۲۰۸	x	۶۔ سالونیکا۔ مناسطر۔	۱۳۶
۷۔ سمرنا۔ وینار (معہ شاخون کے)۔	۳۲۴	x	۸۔ سمرنا۔ الاشہر (معہ شاخون کے)۔	۱۶۵
۹۔ موداتہ۔ بروصہ۔	۲۶	x	۱۰۔ مرسینا۔ ادنا۔	۴۰
۱۱۔ جافہ۔ یروشلیم۔	۵۴	x	۱۲۔ حیدرپاشا۔ انگورا۔	۳۶۰
۱۳۔ بیروت۔ دمشق۔ حوران۔	۱۳۲	x	۱۴۔ عسکی شہر۔ قونیہ۔	۱۰۸

میزان کل .. .. ۲۱۴۸ میل

سالونیکا سے وادی آغاج تک ۲۰۶ میل لمبی ریلوے لاین تیار ہوگی جو قسطنطنیہ اور ادرنا کی درمیانی بڑی لائین کو بمقام کلیلی برغاس جا ملیگی۔

کل سلطنت مین ۱۲۴۲ ترکی ڈاک خانجات ہین۔ ۹۰-۱۸۸۹ء مین ڈاک خانون نے اندرون ملک مین ۹۴۵۱۰۰۰ لفافے اور پوسٹ کارڈ اور ۵۴۰۰۰۰ نمونے اور مطبوعہ کاغذ ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجے اور ۳۷۱۵۰۰۰ لفافے و پوسٹ کارڈ اور ۷۳۲۰۰۰ نمونے و مطبوعہ کاغذ ممالک غیر کو بھیجے یا وہان سے آئے ہوئون کو تقسیم کیا۔

ٹرکی مین سلسلہ تاربرقی کا طول تقریباً ۲۰۳۰۰ میل اور اوسکی تارونکی لمبائی ۳۱۸۹۰ میل ہے

ایشیائی اور یوروپین ٹرکی مین ۷۰ ۶ تار گھر ہین۔ سالانہ آمدنی پانچ کروڑ ۱۶ لاکھ پندرہ ہزار ۵ سو ۱۶ پیاسٹر اور تنخواہون پر ایک کروڑ ۶۰ لاکھ ۶۹ ہزار ۴۰ پیاسٹر خرچ ہوتا ہے۔

ٹرکی کی سکے - اوزان و پیمائشات

۳۱ جولائی ۱۸۹۵ء کو امپیریل عثمانیہ بنک کی مالی حالت حسب ذیل تھی:-

ترکی پونڈ	بنک کی ذمہ داریان یعنی رقوم واجب الادا	ترکی پونڈ	رقوم یا جائداد گرفتنی و جمع
۱۱۰۰۰۰۰۰	سرمایہ وصول شدہ	۵۵۰۰۰۰۰	سرمایہ غیر وصول شدہ
۱۰۸۵۳۲۷	بنک کی جاری کردہ نوٹ	۳۴۹۵۲۲۸	نقدی اور بل (ہنڈویات)
۳۲۶۶۲۳۰	بل قابل ادا ئے گی۔	۹۷۹۰۴۴	سرکاری فنڈ۔
۱۰۴۱۲۴۱۰	مختلف چلتی حساب	۳۷۱۴۵۱۸	ضمانتین اور کفالتین۔
۱۴۸۰۷۵۷	مقررہ میعادون پر جمع شدہ رقم	۱۵۹۳۳۵۲	سرکاری خزانہ کا چلتا حساب
۵۷۸۶۴۴	محفوظ سرمایہ بروئے قانون	۶۶۷۴۱۲۱	دیگر مختلف چلتی حساب
۷۲۵۷۰	منافع حصہ داران قابل الادا	۱۲۲۱۷۷۸	قرضے۔
۵۰۲۳۴۶	مختلف۔	۱۳۱۳۱۳	املاک
-	-	۸۹۸۷۰	متفرقات
۲۸۵۹۹۲۸۴	میزان	۲۸۵۹۹۲۸۴	میزان

عثمانی سکے

ترکی لیرہ یعنے طلائی مجیدی = ۱۸ شلنگ - $\frac{۰}{۱۲۵}$ پنس کے

مجیدی یعنے ۲۰ پیاسٹر کا (نقرئی) = - - ۲ $\frac{۳}{۲۵}$ پنس کے

[illegible] ۵ پیاسٹر = - - - ۲ $\frac{۳}{۲۵}$ پنس کے

پیاسٹر (ایک لیرے)۔

بڑے بڑے حساب اور سرکاری موازنے ۵-۵ سو مجیدی پیاسٹر کی تھیلیون یعنے ۵-۵ ترکی لیرون مین تیار کیے جاتے ہین۔ ایک ترکی تھیلی انگریزی سکہ کے ساڑہے چار پونڈون کے برابر ہوتی ہے طلائی لیرہ

وزن مین ۷ ۷/۱۲۵ گرام اور ۹۱۶/۱۰۰۰ حصہ یعنے ۶ ۱۶/۱۰۰۰ گرام اوس مین خالص سونا ہوتا ہے۔ چاندی کے ۲۰ پیاسترو والے سکّے کا وزن ۲۴ ۱/۴ گرام ہوتا ہے۔ اور اوس مین ۹ ۹۶۵/۱۰۰۰ گرام خالص چاندی اور باقی آمیزش ہوتی ہے۔ کھوٹی چاندی کے سکّے بھی بمقدار کثیر رائج ہین۔ مگر یہ بتدریج خزانہ مین لیے جاکر گلائے جارہے ہین۔ ۱۸۷۷ء اور ۱۸۸۱ء کے درمیان ساٹھ کروڑ پیاسترکی مالیت کے کرنسی نوٹ جاری کیئے گئے جن کا نام قایمہ تھا۔ مگر کساد نرخ کے باعث گورنمنٹ نے اون کو خزانہ مین لینے سے انکار کردیا۔ اور آخر مین اونکی قیمت صرف برائے نام رہ گئی۔ اور باہمی لین دین مین انکا چلن موقوف ہوگیا۔ تانبے کے سکّے بھی کساد نرخ کے باعث ایکطرح سے چلنے بند ہوگئے۔ اور گورنمنٹ نے کاغذی (کرنسی نوٹ) اور تانبے کے سکّونکی قیمت مفروضی مالیت سے نصف کردی۔ اوّل الذکر نوٹ ۱۸۹۵ء مین کلہم خزانہ مین واپس لیے جاکر تلف کر دیئے گئے۔ چاندی ضروریات تجارت سے وافر موجود ہے اور بالعموم ۸ فیصدی گھٹوتی پر بکتی ہے۔ اس کمی کی ایک یہ بھی بڑی وجہ ہے کہ تجارت کا موازنہ ٹرکی کے برخلاف ہے۔ تجارت درآمد تجارت برآمد سے کم ہے۔ اور تجارت درآمد کے فاضل حصہ کی قیمت سونیکے سکہ مین ادا کرنی پڑتی ہے۔ علاوہ برین بیرونی قرضہ کے سود اور جزو کی ادائیگی اور نیز جنگی سامان کی قیمت کی بابت ہر سال سونے کی کثیر مقدار ملک سے باہر جاتی ہین۔

پُرانے وزن اور پیمانے۔

اوقیہ (وزن کرنے کا بانٹ) = چارسو ڈرام (درہم)	=	۲ ۸۲۶/۱۰۰۰ پونڈ
الہ (سیال اشیا ناپنے کا پیمانہ)	=	۱۵۱/۱۰۰۰ گیلن امپیریل۔
کیلہ (غلہ ناپنے کا پیمانہ)	=	۹۱۲/۱۰۰۰ بوشل (بوشل = ۷۰ پونڈ یا گیہون)
قنطر یا قنطال = ۴۴ اوقیہ	=	۱۲۵ پونڈ۔
۳۹ ۱۱/۲۵ اوقیہ ..	=	ایک ہنڈرڈ ویٹ (ہنڈرڈ ویٹ ۱/۵ ۱ من)
چفی = ۸۰ اوقیہ	=	۲۲۵ ۹/۱۰ پونڈ
قاع = ۲۰ اوقیہ ...	=	۱۹/۲۵ امپیریل کوارٹر (۸ بوشل = ایک کوارٹر)
۱۶ کیلہ — ..	=	۱.۰۰ امپیریل کوارٹر (۴ کوارٹر = ایک ہنڈرڈ ویٹ)

اندازہ ۔(کپڑے ناپنے کا پیمانہ) ۔ = ۲۷ انچ

عرشین (زمین ناپنے کا پیمانہ) ۔ = ۳۰ انچ

دونیم ۔ (ایضاً) = ۴۰ مربع قدم

کیلہ غلہ ناپنے کا عام مروج پیمانہ ہے ۔ اس سے چھوٹے پیمانے بجائے پیمانہ ہونے کے زیادہ تر بندھے ہوئے اوزان ہین ۔ ایک سو چالیس کیلہ ۱۲ ۔ انگریزی امپیریل کوارٹر یا ۵۰ ہیکٹو لیٹر کے برابر ہوتے ہین ۔

مارچ سنہ ۱۸۸۲ء سے ترکی پیمانے اور بٹے میٹرک سسٹم یعنے فرانسیسی پیمانون وغیرہ کے مساوی کر دیئے گئے ہین مگر اون کے نام وہی پرانے رہنے سے بڑی دھاندلی مچتی ہے ۔ اور ابھی تک نئے قاعدہ کا بالعموم رواج بھی نہین ہوا ۔ اوقیہ کو کلو گرام کے برابر بنا دیا گیا ہے ۔ تیمن کو دس کیلو گرام کے برابر ۔ قنطر = ۱۰۰ کیلو گرام ۔ چقی = ۱۰۰۰ کیلو گرام ۔ شنق = ڈیکا (۱۰) لیٹر کیلہ = ہیکٹا (۱۰۰) لیٹر یعنے ۲ بشل انگریزی کے) ۔ اولق = ایر کے ۔ جریل = ہیکٹیر یعنے سو ٹیر کے جو انگریزی ایکڑ کے برابر ہے) ۔ عرشین = میٹر کے ۔ نل = کیلو میٹر (۱۰۰۰ میٹر) کے ۔ فرسنگ = ۱۰ کیلو میٹر کے ۔ ۱۸۸۹ء مین اجناس خوردنی کیلئے میٹرک سسٹم کے اوزان و بٹے لازمی کر دیئے گئے اور ۱۸۹۲ء مین ہر ایک چیز کے وزن کیلئے اون کو لازمی کر دیا گیا لیکن اس حکم کی ابھی تعمیل نہین کرائی گئی ۔

ریاستہائے باجگذار

اول بلگیریا

حکمران شہزادہ ۔ فرڈینینڈ ڈیوک آف سکسنی ۔ پرنس آگسٹس مرحوم ڈیوک آف سکسنی اور شہزادی کلمنٹائین آف بوربون آرلینیز (دختر لوئیس فلپ مرحوم شاہ فرانس) کا سب سے چھوٹا بیٹا ۔ ۲۶ فروری ۱۸۶۱ء کو پیدا ہوا ۔ بلگیریا کی نیشنل اسمبلی (مجلس قومی) نے ۷ جولائی ۱۸۸۷ء کو اوسے باتفاق رائے بلگیریا کا شہزادہ منتخب کیا ۔ اور اوسنے شہزادہ الیگزینڈر کے بعد جسنے ۷ ستمبر ۱۸۸۶ء کو تخت چھوڑ دیا تھا ۔ ۱۴ ۔ اگست ۱۸۸۷ء کو عنانِ حکومت اپنے ہاتھ مین لی ۔ پرنس فرڈینینڈ (پاشا) کا انتخاب [۱] دولِ یوروپ اور باب عالی نے اب تک منظور نہین کیا ۔ ۲۰ جنوری ۱۸۹۳ء کو

---

[۱] فروری ۱۸۹۶ء مین باب عالی اور دول عظام نے اس انتخاب کو منظور کر لیا ۔ زیادہ تشریح کیلئے دیکھو واقعات اہم کا حاشیہ متعلق شہزادہ موصوف

پرنس الیگزینڈر صوبہ مشرقی رومیلیا کا بھی گورنر مقرر کیا گیا۔ جو صوبہ بہ طرح بلگیریا کے ساتھ ملحق ہو گیا تاہم دول نے اس الحاق کو ہنوز تسلیم نہین کیا۔

بتاریخ ۲۰۔ اپریل ۱۸۹۳ء فرڈنینڈ (پاشا) نے پارما کے ڈیوک رابرٹ کی بڑی لڑکی میری لوئیسا سے جو ۱۷ جنوری ۱۸۷۰ء کو پیدا ہوئی شادی کی۔ اولاد حسب ذیل ہے۔ (۱) شہزادہ بوریس ۳۰ جنوری ۱۸۹۴ء کو متولد ہوا۔ (۲) شہزادہ سیرل ۱۷ نومبر ۱۸۹۵ء کو پیدا ہوا۔

۱۸۷۹ء کی کانسٹی ٹیوشن (آئین) کے رو سے یہ قرار دیا گیا کہ "پرنس کو لازمی طور پر بالاستقلال ریاست مین رہایش پذیر ہونا پڑے گا" عدم موجودگی کی صورت مین وہ اپنا ایک قائمقام (ریجنٹ) مقرر کرے گا۔ جس کے اختیارات اور فرائض کی تشریح ایک خاص قانون کے ذریعہ کی جاویگی۔ خطاب شہزادگی موروثی ہے۔ کانسٹی ٹیوشن کی ۱۸۹۳ء والی ترمیمات سے بشرط ضرورت ریجنسی (قائمقامی۔ نیابت) کے قیام۔ انتظام اور اوس کے اختیارات وغیرہ کی توضیح کیگئی۔ اور ۱۸۹۳ء مین گرینڈ سوبرانجی (مجلس قومی) نے مزید ترمیم کر کے حکمران شہزادہ اور اوس کے ولی عہد کے لیے "رایل ہائی نس" کا خطاب منظور کیا۔ شہزادہ بدستور رومن کیتھولک مذہب کا پابند ہے۔ مگر اوس کا وارث ۱۴ فروری ۱۸۹۶ء کو آرتھوڈاکس گریک چرچ (ٹھیٹھ کلیسائی یونانی) مین داخل کیا گیا۔

آئین و حکومت

عہدنامہ برلن نے جسپر ۱۳ جولائی ۱۸۷۸ء کو دستخط ہوئے۔ ریاست بلگیریا کو قایم کیا۔ بروے دفعہ اول حکم دیا گیا کہ "بلگیریا کو ہز امپیریل مجیسٹی سلطان المعظم کے ماتحت خود حکومت کرنے والی باجگذار ریاست بنایا جاوے۔ اوسکی حکومت مسیحی ہوگی اور اپنا قومی ملیشیا (ملکی فوج) رکھے گی"۔

دفعہ سوم کا حکم یہ ہے "بلگیریا کے شہزادہ کو ریاست کی آبادی آزادی کیساتھ منتخب کرے گی۔ اور باجازت دول باب عالی اوسکو منظور کرے گا۔ یوروپ کی دول عظام کے حکمران خاندانون کا کوئی فرد بلگیریا کا شہزادہ منتخب نہین ہو سکے گا۔ عہدہ شہزادگی کے خالی ہونے پر نیا شہزادہ اونہی شرایط اور اونہی قواعد کی پابندی کیساتھ منتخب کیا جاوے گا"۔ ۱۳ جنوری ۱۸۸۶ء کو بلگیریا اور مشرقی رومیلیا ایک ہی گورنمنٹ کی ماتحت کر دیئے گئے۔

صوبہ مشرقی رومیلیا جو بلگیریا کے ساتھ ملحق ہونے کی تاریخ سے جنوبی بلگیریا بھی کہلاتا ہے۔ بروے

عہدنامہ برلن قایم کیا گیا تھا۔ اور اوس کو انتظامی خود مختاری عطا کرکے سلطان المعظم کے براہ راست پولیٹیکل (ملکی) اور جنگی آفت اثر مین رہنے دیا گیا تھا۔

دفعہ ۷ اسکے الفاظ یہ ہین "مشرقی رومیلیا کے گورنر جنرل کو منظوری دول ۵ برس کی میعاد کے لیئے باب عالی نامزد کیا کرے گا" ۱۸ ستمبر ۱۸۸۵ء کو بغاوت ہوکر موجودہ حکومت موقوف کردیگئی۔ گورنر کو معزول کرکے صوبہ سے نکال دیا گیا۔ اور صوبہ مشرقی رومیلیا کے بلگیریا کے ساتھ ملحق ہوجانے کا اعلان دے دیا گیا اسپر ۱۸۸۵ء کے آخری مہینون مین عہدنامہ برلن پر دستخط کرنے والی سلطنتون کے تمام مقامون کی ایک کانفرنس قسطنطنیہ مین منعقد ہوئی۔ اور سلطان المعظم نے بروے فرمان شہنشاہی مورخہ ۶ اپریل ۱۸۸۶ء صوبہ کی حالت مین مندرجہ ذیل تغیرون کو منظور فرمایا۔

(۱) مشرقی رومیلیا کی حکومت شہزادہ بلگیریا کی تحویل مین کردیجائے (۲) قرجالی اور ریجیس (رہوڈوپ) کے اضلاع جن مین مسلمانونکی آبادی زیادہ ہے باب عالی کو واپس دیدیئے جاوین۔ (۳) ہردو صوبونکی بنیادی قانون کو مقامی ضرورتون اور تقاضاے وقت کے مطابق ترمیم کرنے کیغرض سے پرتالنے کیلئے ایک کمیشن مقرر کیجائے۔ (۴) وہ کمیشن ساتھ ہی عثمانیہ خزانہ کے اغراض (مفاد) پر بھی غور کرے یعنی کہ باب عالی کو ہردو صوبون سے کسقدر رقم بطور خراج اور کسقدر رقم قومی قرضہ کے حصہ رسدی بابت وصول ہو۔ (۵) عہدنامہ برلن کی باقی شرایط قایم رہین

شرایط و احکام مندرجہ بالا کے مطابق ایک ترکی بلغاری کمیشن نے صوفیا مین اجلاس منعقد کرکے بنیادی قانون کی ترمیم اور خاصکر محاصل درآمد و برآمد اور خراج کے مسایل کا تصفیہ کرنا شروع کیا۔ مگر اس کمیشن کی کارروائی کا اون وقعات نے جن سے ۲۰ اگست ۱۸۸۶ء کی رات کو پرنس الیگزنڈر کو تخت سے معزول کردیا اچانک خاتمہ کردیا۔

یہ صوبہ اوس وقت سے سب طرح سے بلگیریا کا جزو اور صوفیا کی حکومت کے ماتحت ہے فلپ پولی (سابق دارالخلافہ مشرقی رومیلیا) اب فقط ایک ضلع کا صدر مقام ہے۔ اور دونون صوبون کا دارالریاست صوفیا ہی کو تسلیم کیا جاتا ہے۔

۱۸۷۹ء کی کانسٹی ٹیوشن اور ۱۸۹۳ء مین جو اوسکی ترمیم ہوئی اوس کی روسے وضع قوانین کا اختیار ایک ہی چیمبر (سبنت) کو جو بلگیریا کی نیشنل اسمبلی (مجلس قومی) کہلاتا ہے۔ تفویض کیگئی۔ تمام بالغ مردون کو

اوس کے ممبرون کے انتخاب مین رائے دینے کا حق حاصل ہے۔ اور آبادی کے ہر بیس ہزار آدمیون کے پیچھے ایک ممبر منتخب ہوتا ہے۔ جو ممبر اوس شہر مین رہائش رکھتے ہون جہان اسمبلی اجلاس کرتی ہے اونکو بدوران اجلاس پندرہ فرنیک (بارہ شلنگ) یومیہ کے حساب سے اور دوسرے ممبرون کو ۲۰ فرنیک (۱۶ شلنگ) یومیہ اور سفر خرچ ملتا ہے۔ اسمبلی کی میعاد پانچ برس ہے مگر شہزادہ جس وقت چاہے اوس کو توڑ سکتا ہے اور اس صورت مین نیا انتخاب چار مہینون کے اندر ہوجانا لازمی ہے۔ اسمبلی نے ایک دوسرا چیمبر (سینیٹ) قائم کرنے کی تجویز کو ۱۸۹۳ء مین منظور کیا۔

عاملانہ اختیار زیر فرمان شہزادہ مندرجہ ذیل آٹھ وزراء کی کونسل کو حاصل ہے۔

(۱) وزیر صیغہ خارجیہ و عبادت عامہ

(۲)۔ وزیر صیغہ اندرونی۔

(۳) وزیر تعلیم عام

(۴)۔ وزیر مال۔

(۵)۔ وزیر مصلحت عامہ

(۶)۔ وزیر جنگ۔

(۷)۔ وزیر تجارت و زراعت

(۸)۔ وزیر تعمیرات عامہ ❖

رقبہ و آبادی بلگیریا خاص کی ریاست کا رقبہ اندازاً ۲۴۳۶۰۔ انگریزی مربع میل اور جنوبی بلگیریا (یعنی مشرقی رومیلیا) کا ۱۳۵۰۰ مربع میل ہے۔ یکم جنوری ۱۸۹۳ء کو جو مردم شماری کیگئی اوس مین کل ریاست کی آبادی ۳۳۰۹۸۱۶ متحقق ہوئی جن مین سے ۹۹۲۳۸۶ مشرقی رومیلیا کی آبادی تھی۔ بلگیریا کی ازسرنو ترتیب ہوکر اوس کو ۲۲ ضلعون مین تقسیم کیا گیا ہے جن مین ۶ مشرقی رومیلیا کے ہین ۱۸۹۳ء کی کل آبادی مین سے ۲۵۰۴۳۲۶ کس بلغر۔ ۵۶۵۷۲۸ ترک۔ ۵۸۰۱۸ یونانی۔ ۵۲۱۳۲ حبشی۔ ۲۷۵۳۱ یہودی۔ ۳۶۲۰ جرمنی اور ۶۲۱۳۷ روسی تھے۔ مذہب وار تفصیل یہ تھی:۔

۲۶۰۵۹۰۵ کس آرتھوڈاکس گریک چرچ جو سرکاری مذہب ہے۔ ۶۴۳۲۴۲ مسلمان۔ ۲۲۶۱۷ رومن کیتھولک

ریاست کا موجودہ صدر مقام صوفیہ ہے۔ اوسکی آبادی ۴۷ ہزار ہے۔

دوسرے بڑے بڑے شہر یہ ہین۔ فلپ پولی (رومیلیا کا صدر مقام) آبادی ۳۳۰۰۳ - وارنا آبادی ۱۵۶۵۹ تاتار بازارجیک - ۹۳۰۷۱ ستارا زاگورا - ۲۰۲۳۳ سلیونو - ۲۱۸۱۲ رسچک - ۲۳۵۱۷ شومالا - ۴۷۱۸۲ سسٹووا - ۱۲۴۸۲۲ پلیونا ۱۴۳۰۰۷ سلسٹریا ۱۴۱۱۴ - ٹرنووا (بلگیریا کا قدیم صدر مقام) ۱۱۳۱۴ - وٹیدن ۱۴۷۷۲ -

آبادی کا حصہ کثیر زراعت اور اپنے ریوڑون اور گلونکی پیداوار پر گذر کرتا ہے۔ سنہ ۱۸۹۳ء مین ۴۱۳۰۴ شادیان ہوئین ۱۴۱۳۲۰ پیدا اور ۹۲۱۰۰ فوت ہوئے یعنی پیدایش بہ نسبت اموات ۴۹۲۲۰ زیادہ رہی ◆

تعلیم سنہ ۱۸۹۱ء مین بلگیریا مین ۴۱۸۳ ابتدائی مکاتب تھے جن مین ۱۲۹۷۷۷ لڑکے اور ۲۲۰۶۲ لڑکیان زیر تعلیم تھین۔ سکول جانے کی عمر کے لڑکونکی تعداد ۵۹۲۷۵۲ - اور لڑکیون کی ۹۶۸۱۴۱ ہے۔ تعلیم کے سررشتہ کو سرکاری خزانہ سے ۲۰ لاکھ لیو (لیو = فرانک = ۹ شلنگ کے) کی امداد سالانہ ملتی ہے۔ تعلیم مفت ملتی ہے اور بنظاہر چار برس کی میعاد کیلئے کل پر لازمی ہے۔ آبادی کا تقریباً ۱۰ فیصدی حصہ لکھ یا پڑھ نہین سکتا۔

صوفیہ مین یونیورسٹی ہے۔ اور بڑے بڑے شہرون مین اعلے مدارس کے ساتھ ورزش گاہین بھی ہین جن مین سے چار لڑکیون کیلئے ہین۔ کئی ادنے درجہ کے درمیانی مدارس بھی ہین صوفیہ مین ایک پبلک لائبریری (کتب خانہ عام بھی ہے)۔ جہان کوئی فیس نہین لیجاتی۔

مالی حالت ۱۸۹۵ء کے بجٹ کی تخمینہ یہ تھے۔ آمدنی ۹۰۸۳۹۲۲۵ لیو خرچ ۹۴۳۰۹۶۹ لیو۔ آمدنی کی بڑی مدات یہ تھین۔ محاصل بالواسطہ (یعنے محصول آبکاری چنگی اسٹامپ وغیرہ یعنی ایسے محصول جن کا بوجہ رعایا پر براہ راست نہ پڑتا ہو) ۲۰۰۰ ۳۵۰۰ لیو۔ محاصل بلاواسطہ (مالگذاری اور اسی قسم کے دیگر ٹیکس ومحصول جنکا بوجہ رعایا پر براہ راست پڑتا ہو) ۴۵۳۱۰۰۰ لیو۔

خرچ کی بڑی مدین یہ تھین۔ محکمہ قرضہ قومی ۲۲۰۲۷۲۹۱ لیو۔ محکمہ مال وخزانہ ۲۶۰۲۵۵۵ لیو۔ محکمہ وزیر اندرونی ۹۶۰۲۰۸ تعلیم عامہ ۳۴۴۹۰۹۳ صیغہ جنگ ۲۲۴۷۰۰۸ لیو۔ قرضہ قومی ایک کروڑ لیو ہے اور اس کے علاوہ دیگر قرضے یہ ہین۔

چار کروڑ ساٹھ لاکھ لیو جو وارنا۔ رسچک ریلوے کو خرید کرنے کیلئے ۱۸۸۶ء مین لیا گیا۔ تین کروڑ لیو کا قرضہ جو ۱۸۸۹ء مین لیا گیا۔ اور چودہ کروڑ ۲۰ لاکھ لیو کا قرضہ جو ۱۸۹۲ء مین جاری کیا گیا۔ مگر اسمین سے ابھی تک صرف سات کروڑ بیس لاکھ لیو حاصل ہوئے ہین۔

سالانہ خراج اور ترکی قومی قرضہ کے اوس حصّہ رسدی کے متعلق جو بلگیریا کو ادا کرنا چاہیے۔ عہدنامہ برلن مین یہ قرار دیا گیا تھا کہ دستخط کنندہ سلطنتین دونون رقمونکی مقدار باہمی قرارداد سے معین کرینگی مگر اب تک کوئی رقم معین نہین کیگئی ۔

حفاظت

بلگیریا کی شمالی سرحد پر دریائے ڈنیوب ہے۔ جو سوائے مشرق یعنے صوبہ ڈوبرڈشا کی سرحد کے بلگیریا کو رومینیا سے جدا کرتا ہے۔ اِس سرحد پر وِڈین۔ رسچک اور سلسٹریا تین مشہور جنگی قلعے ہین۔ وارنا کا قلعہ بحیرہ اسود پر ہے۔ اور قلعہ شوملا بجانب غرب اندرونِ ملک مین۔ بلگیریا کے غرب و جنوب مین ٹرکی خاص واقعہ ہے ۔

فوجی خدمت لازمی ہے۔ ۱۸۸۵ء کی بغاوتِ فلپ پولی کے وقت سے مشرقی رومیلیا کی فوجین بھی بلگیریا کی فوجمین شامل ہوگئی ہین سو وقت کل فوجی طاقت حسب ذیل ہے :-

۲۴ رجمنٹین موج پیدل کی۔ ہر رجمنٹ تین پلٹنونکی۔ دو پلٹن صف آرا اور ایک پلٹن ڈپو یعنے ذخیرہ کا کام دینے والی)۔ ۴ رجمنٹین فوج سوار (ایک شہزادہ کا ذاتی باڈی گارڈ سوارون کا۔ ۲ رجمنٹین توپ خانہ کی۔ ہر رجمنٹ مین چار میدانی باتریان۔ اور ہر باتری مین بوقت صلح چار توپین۔ اور ایک سو بیس آدمی اور بوقت جنگ آٹھ توپین۔ دو ڈپو (گودام۔ ذخیرے) توپ خانہ کے اور ایک باتری قلعہ شکن توپون کی۔ ایک رجمنٹ انجنیرون کی جس مین تین پلٹنین ہین۔ اور ایک کمپنی قواعد سکھانے والونکی۔ بوقت صلح چھ رجمنٹین توپ خانہ میدانی کی ہر رجمنٹ مین ۶ باتریان اور فی باتری چار توپین اور ایک ڈویژن (دستہ) پہاڑی توپ خانہ کا۔ چھ ریزرو رجمنٹین یعنے بوقت صلح ۱۴۴ میدانی توپونکی ۳۶ باتریان اور بارہ کوہی توپون کے چھ ڈویژن۔ اور بوقت جنگ چھ رجمنٹین چھ چھ باتریونکی۔ فی باتری ۸ میدانی توپین۔ جملہ ۲۸۸ میدانی توپین اور چھ کوہی باتریان چھ چھ توپونکی یعنے جملہ ۳۶ کوہی توپین۔ فوج تین ڈویژنون پر منقسم ہے۔ ہر ایک ڈویژن مین دو بریگیڈ ہین پیدل فوج مینلیچر ریپٹنگ رائیفل سے مسلح ہے۔ بلگیریا کے پاس جہاز مندرجہ ذیل ہین :-

(۱) شہزادہ کی تفریحی کشتی موسومہ الیگزینڈر اول وزنی ۸ سو ٹن۔ (۲) دخانی جہاز موسومہ سجن وزنی چار سو ٹن۔ (۳) دخانی جہاز موسومہ کردم وزنی ۱۵۰ ٹن۔ (۴) دخانی جہاز موسومہ سمیون ویلکی وزنی چھ سو ٹن۔ انکے علاوہ سات بہت ہی چھوٹی چھوٹی دخانی کشتیان ہین۔ اور دریائے ڈنیوب کی حفاظت کے لیے دو زرہ پوش اگن بوٹ ہین۔

پیداوار و صنعت وحرفت

بڑی زرعتی پیداوار گندم ہے جو بمقدار کثیر باہر بھیجی جاتی ہر شراب۔ تنباکو اور ریشم بھی پیدا ہوتا ہے۔ اور عطر گلاب بکثرت تیار کیا جاتا ہے سنہ ۱۹۰۲ء میں ۵۳۵۹۹۰۰۔ ایکڑ اراضی تردوی ۷۷۰۰۹۰۰۰۔ ایکڑ چراگاہ ۱۲۰۴۷۳۴۲۔ ایکڑ انگورستان۔ ۱۱۱۱۴۰۔ ایکڑ باغ وغیرہ اور ۲۹۱۱۰۰۳۔ ایکڑ جنگلات اور ایکڑ کے ذخیرے تھی۔ کل مزروعہ رقبہ ۹۷۷۰۰۰ ایکڑ۔ غیر مزروعہ مگر قابل زراعت (ممکن) رقبہ ۱۳۹۵۱۳۰۰۔ ایکڑ۔ اور ناقابل زراعت (غیر ممکن) ۱۰۹۱۵۰۰۱ ایکڑ ہے۔ مالکان اراضی کی تعداد تقریباً چار لاکھ ہے۔ اور غیر مالک دہقانی آبادی شمار میں تقریباً ۳۲۹۹۰۰ ہے۔ سنہ ۱۹۰۱ء میں بلگیریا میں ستر لاکھ ساٹھ ہزار تین سو بھیڑیں۔ ۱۴ لاکھ ۳۵ ہزار ۵ سو بکریاں اور چار لاکھ ۴۱ ہزار ۸ سو [illegible] تھے۔

ریاست کی بڑی معدنی پیداوار میں لوہا اور کوئلہ ہیں۔ برغاس کی نصاب نمکین جھیلوں سے سنہ ۱۹۰۱ء میں ۲۵ ہزار ٹن نمک حاصل ہوا۔ تقریباً بیس اونی کارخانے جاری ہیں۔

تجارت

تجارت کی بڑی جنس گندم ہے۔ دوسری اجناس جو باہر جاتی ہیں یہ ہیں۔ اون چرم۔ گھی پنیر۔ کھالیں رسن اور لکڑی۔

درآمد زیادہ تر پارچات۔ لوہا اور کوئلہ کی ہے سنہ ۱۹۰۲ء میں کل ریاست میں ۹ کروڑ ۴ لاکھ ۷۰ ہزار نو سو لیو کا مال باہر سے آیا۔ اور نو کروڑ ۴۱ لاکھ ۳۴ ہزار ۶ سو ۳۵ لیو کا باہر گیا۔

مندرجہ ذیل جدول سے سنہ ۱۹۰۲ء میں مختلف ممالک سے جو تجارت ہوئی اوس کی مقدار معلوم ہو جاوے گی:-

نام ملک	مالیت مال تجارتی جو وہاں سے آیا	مال جو وہاں گیا	نام ملک	[illegible]	جو وہاں گیا
سلطنت متحدہ	۲۰۱۷۳۲۳۶ لیو	۱۲۳۰۲۷۶۵ لیو	بلجیم	۱۶۱۱۰۸۰ لیو	۳۲۵۲۳۰۹ لیو
آسٹریا	۳۵۱۰۵۷۸۵	۲۸۸۱۹۰۲	سوئٹزر لینڈ	۱۰۰۰۸۷۸	۳۹۲۹۳
ٹرکی	۱۲۷۸۵۹۰۷	۲۶۷۹۴۸۵۱	سربیا	۱۱۹۰۱۴	۱۳۲۱۲۳
فرانس	۳۷۴۰۴۶۴	۸۷۲۰۴۰۳	صوبجات متحدہ امریکہ	۲۰۰۳۳۵	-
روس	۴۹۰۶۰۲۲	۴۲۹۲۳	یونان	۵۳۵۳۲۲	۱۶۵۶۸۲
جرمنی	۲۰۹۶۵۵۳	۱۱۹۵۱۹۶۰	دیگر ممالک	۲۱۲۹۵۶	۵۲۹۰۷۱۱

نام ملک	مالیت مال تجارتی جو وہان سے آیا	مال جو وہان گیا	نام ملک	مالیت مال تجارتی جو وہان سے آیا	مال جو وہان گیا
رومینیا	لیو ۱۸۲۸۲۹۶	لیو ۷۲۷۳۷۴	میزان	لیو ۹۹۲۲۹۱۹۳	لیو ۷۲۸۵۰۷۷۵
اٹلی	۲۶۹۴۶۴۵	۵۴۸۳۹۹	-	-	-

۱۸۹۴ء مین درآمد کی بڑی اجناس یہ تھین:-

پارچات ۵۷۹۹۳۰۳۳ لیو کے - نوآبادیہائے کی اجناس ۰۰ ۸۳۲۴۲۱۰ لیو کی - دہاتین ۲۲۲۶۲۵ لیو کی - مشینری ۸۵ لاکھ ۱۴ ہزار آٹھ سو لیو کی - رنگا ہوا چمڑا ۵۵۶۲۱۰۰ - اسباب آرایشی و لکڑی کا ۵۲ لاکھ ۴۴ ہزار ایک سو لیو کا - اجناس برآمد مین سب سے زیادہ مالیت گندم کی تھی جو ۵۸۱۳۰۰۰ لیو کی انگلستان جرمنی فرانس اور ٹرکی کو گئی - مویشی ۶۱۲۷۴۵۰ لیو کے گئے -

انگلستان کی مجلس تجارت کے نقشون کی رو سے ۱۸۹۴ء مین ۲۶۱۰۲ پونڈ کا مال بلگیریا سے برطانیہ کلان مین آیا - اور ۲۱۵۰۷۲۱ پونڈ کا برطانیہ کلان سے وہان گیا - برطانیہ کلان مین درآمد زیادہ ان اشیا کی ہوئی مکی ۱۰۵۰۰۵ پونڈ کی اور جو ۱۸۱۵۶ پونڈ کے اور وہان سے بلگیریا کو نسبتاً زیادہ تر یہ چیزین گئین سوتی پارچات ۹۲۳۱۶ پونڈ کے - لوہا تانبا اور ٹین ۸۸۴۴۴ پونڈ کی -

جہازات و جہازرانی

بندرگاہ وارنا مین ۱۸۹۴ء مین ۲۸۴۶ جہاز وزنی ۴۴۴۸۸۳ ٹن (جن مین سے ۱۹ جہاز وزنی ۹۸۳۰ ۱۱ ٹن انگریزی تھے) داخل ہوئے اور اسی قدر وہان سے روانہ ہوئے بندرگاہ برغاس مین ۹۰۵ جہاز وزنی ۴۹۱۵۹ ٹن (جن مین سے ۳۴ جہاز وزنی ۱۷۵۸۶ ٹن انگریزی تھے) داخل ہوئے -

بلگیریا اور مشرقی رومیلیا مین ۱۸۹۵ء مین ۵۰۲ میل ریلوے جاری تھی جن مین سے ۳۱۲ میل بلگیریا خاص مین تھے - ریلوے لائنین اس طرح سے تیار کیگئی ہین کہ صوفیا کو ایک طرف تو قسطنطنیہ سے ملا دیا گیا ہے - اور دوسری طرف بلگریڈ اور یوروپ کے عام سلسلہ ریلوے سے ۱۸۹۲ء مین دونون صوبون مین سرکاری سلسلہ تار برقی کا طول ۳۵۹۲ میل اور تار گھر ۱۴۷ تھے - جہان سے ۱۰۵۶۶۱ پیغام روانہ کیے گئے ۱۸۹۳ء مین ۲۳ ڈاکخانے تھے جنہون نے ۴۷۷۴۰۲۱۹ خطوط اور اخبارات وغیرہ روانہ اور تقسیم کیے - محکمہ تار و ڈاک خانہ سے ۱۸۹۳ء مین ۸۵۹۷ پونڈ آمدنی اور ۳۰۱۳۱۰ پونڈ خرچ ہوا -

سکے اور ساکھ بلگیریا مین ایک نیشنل بنک ہی جس کا صدر مقام صوفیا مین ہے اور فلپ پولی رسچک اور وارنا مین اوسکی شاخین ہین۔ اوس کا سرمایہ چار لاکھ پونڈ ہے جو سرکاری خزانہ سے بہم پہونچایا گیا ہے تیس ہزار پونڈ۔ اوس کا ریزرو فنڈ ہے اور سولہ ہزار پونڈ کی مالیت کے اوس کے نوٹ چلتے ہین۔

عثمانیہ بنک کی ایک شاخ فلپ پولی مین ہے اور ہر ایک ضلع مین گورنمنٹ کے زیر اہتمام ایک ایک زراعتی بنک ہی۔ عام سکّے یہ مروج ہین۔ سفید تانبا اور ریتیل کے سٹوٹنکی جو امریکن سٹیم (ڈالر کا سوان حصّہ) کے برابر ہین۔ چاندی کے سکّے یہ ہین ½ - ۱ - ۲ - اور ۵ لیو۔ لیو ایک فرانک کے برابر ہے نیشنل بنک کے نوٹ مساوی قیمت پر چلتے ہین۔

صوفیا مین انگریزی ایجنٹ اور قونصل جنرل مسٹر ایف۔ ای۔ ایچ ایلیٹ ہی۔ اور اس کے علاوہ صوفیا۔ فلپ پولی۔ رسچک اور وارنا مین نائب قونصل بھی ہین ٭

دوسری باجگذار ریاست

جزیرہ سموس یہ جزیرہ ایشیاء کوچک کے ساحل کے قریب ہی۔ ۱۱ دسمبر ۱۸۳۲ء کو اوسے روس۔ فرانس اور برطانیہ کلان کی زیر ضمانت ٹرکی کے ماتحت ایک ریاست بنایا گیا اس کا رقبہ ۱۸۰ مربع میل اور آبادی (۱۹۰۲ء کی مردم شماری کے مطابق) ۶۶۸۶۴ ہے۔ انکی علاوہ اس جزیرہ کے ۱۳۵۰۰ باشندے ایشیاء کوچک کے ساحل پر آباد ہین۔ اجنبیون کا شمارہ ۴۱۰ ہے جن مین سی ۵۶۵ یونانی ہین ۱۹۰۳ء مین یہان ۴۲۶ شادیان ہوئین۔ ۱۵۷۷ پیدا ہوے اور ۱۲۴۲ آدمی مرے۔

سوائے ۶۳۰ آدمیونکی کل باشندون کا مذہب گریک آرتھوڈاکس ہی۔

۹۵-۱۹۰۴ء کی آمدنی کا اندازہ ۲۹۹۰۲۳ پیاسٹر اور خرچ کا بھی اسیقدر لگایا گیا۔ اس ریاست کے ذمہ کوئی قومی قرضہ نہین۔

۱۹۰۳ء مین یہان سی ۱۰۹۵۴۳۶۲ پیاسٹر کا مال گیا۔ اور ۳۵۹۷۱۵۹ پیاسٹر کا آیا۔ بڑی اجناس آمد یہ تھین شراب ۴۲۵۷۶۳۴۱ پیاسٹر کی انگور ۷۹۶۵۹۱۸ پیاسٹر کے۔ کھالین یعنے کچا چمڑا ۱۲۵۱۴ ۱۴۳۱ پیاسٹر کا تیل ۱۴۲۳۰۸ پیاسٹر کا۔ درآمد کی بڑی اجناس یہ تھین۔ اسپرٹ (روح شراب) ۷۴۱۳۰۹۳ پیاسٹر کی گئی

۳۷۳۳۲۶۳پیاسترکی۔ زربعنت ۵۶۴۷۵۱پیاسترکی۔

۱۸۹۴ء مین ۳۳۲۴ جہاز۔ ۲۰۹۵۷۵ ٹن کے بندرگاہ مین داخل اور وہان سے روانہ ہوئے۔ ان مین سے ۱۴۱۰ جہاز ۳۰۰۹۲ ٹن کے انگریزی تھے۔ اہالیان جزیرہ ۴۲۳ جہازون کے مالک ہین جن کا وزن ۳۱۲۸۷ ٹن ہے۔

۱۸۹۴ء مین ۱۲۴۲ خطوط اور ۷۳۹۳۴ مطبوعہ کاغذ ڈاک خانہ سے گذرے پیغامات تارکی تعداد ۹۴۲۷ تھی۔

سفرائے و قونصلین

۱۔ ٹرکی کے برطانیہ کلان مین

سفیر قسطاقی آفندی انتھوپولوس (عیسائی)۔
مشیر سفارت ۔ مارل بے۔

سیکرٹری ۔ رفعت بے۔

بحری اٹاچی ۔ کمانڈر غالب بے۔

قونصل جنرل ۔ فریداللہ آفندی

مقامات مندرجہ ذیل مین ترکی قونصل جنرل مامور ہین۔ لورپول۔ بمبئی۔ کیپ آف گڈ ہوپ۔ مالٹا۔

مندرجہ ذیل مقامات مین قونصل یا نائب قونصل تعین ہین۔ برمنگھم۔ ڈبلن۔ جرسی۔ نیوکیسل آن ٹاین۔ کولمبو (واقع سیلون)۔ جبرالٹر۔ سینٹ لوئیس۔ (واقعہ جزیرہ مارلیشس) پاینٹ ڈی گیل۔ کارڈف۔ گلاسگو۔ سارٹل پول۔ ہل۔ لیتھ۔ مانچسٹر۔ سوتھمپٹن۔ سنڈرلینڈ۔ سوینسی۔ کراچی و مدراس۔

۲۔ برطانیہ کلان کے ٹرکی مین

سفیر۔ رائیٹ آنریبل سر فلپ۔ ایچ ڈبلیو کری جی سی بی جو ۱۸۹۰ء سے محکمہ خارجیہ کا مستقل نائب وزیر تھا۔ جنوری ۱۸۹۴ء مین سفیر ٹرکی مقرر ہوا۔

سیکرٹری ۔ آنریبل۔ ایم۔ ایچ ہربرٹ۔ (یہ اٹلی کو تبدیل ہو گیا ہے ۔ مولف)۔

جنگی اٹاچی ۔ کرنیل ایچ سی چرمسائڈ سی بی سی ایم جی۔

تجارتی سیکرٹری (برائے ایشیائی ٹرکی) ایڈورڈ فٹز جیرلڈ لا۔

تجارتی اٹاچی اور قونصل۔ ڈبلیو ایچ رینج سی ایم جی سنہ ۱۹۰۷ء مین فوت ہوگیا ہے مولف۔

مندرجہ ذیل مقامات مین انگریزی قونصل جنرل مامور ہین۔ بغداد۔ بیروت۔ بوسنا سرای۔ سالونیکا۔ سمرنا۔ ٹریپولی۔

ان مقامات مین قونصل یا نایب قونصل تعین ہین۔ بنغازی (واقعہ ٹریپولی) ایڈریانوپل بصرہ دمشق (جزیرہ) کریٹ۔ جدہ۔ یروشلیم۔ ارض روم۔ سموس۔ طرابزون۔ بروصہ۔ ڈارڈنیلز۔ گیلی پولی۔ سقوطرا۔ اوانا۔ انطاکیہ۔ کینڈیا (واقعہ جزیرہ کریٹ) وان۔ رہوڈس۔ سکالانوا۔ واخرپوت۔ ملیوس مناسطر۔ دیاربکر۔

تیسری باجگذار ریاست

مصر[۱] حکمران خدیو عباس حلمی پاشا۔ پسر محمد توفیق پاشا مرحوم۔ ۱۴ جولائی سنہ ۱۸۷۴ء کو پیدا ہوا، جنوری سنہ ۱۸۹۲ء کو اپنے باپ کی وفات پر تخت نشین ہوا۔ پرنسس اقبال خانم سے شادی کی

---

[۱] انگریزی قبضہ مصر کو وہان کی عام رعایا جس نگاہ سے دیکھتی ہے وہ مضمون مندرجہ ذیل سے معلوم ہوجایگا۔

انگریزی قبضہ مصر کے مسئلہ پر ہم کئی دفعہ بالتفصیل بحث کرکے یہ ظاہر کرچکے ہین کہ معاملات خارجیہ مین انگلستان کو جو مشکلات حادث ہو رہی ہین یا جن کے پیش آنے کا قوی احتمال ہے اون کے زیادہ حصہ کا باعث یہی قبضہ مصر ہے ٹرکی کو اس ناجایز غصب نے سخت برافروختہ کر رکھا ہے۔ اور روس۔ فرانس وجرمنی وغیرہ کو بھی جنہین انگلستان کے مقبوضات مین ہر روز وسعت پیدا ہوتے جانا ہرگز مرغوب نہین انگلستان کے برخلاف جب چاہین خطرناک اتفاق کرنیکا موقعہ اور بہانہ دیدیا ہوا ہے۔

ہم تسلیم کرتے ہین کہ انگلستان بھی اس معاملہ سے دول یوروپ کی توجہ کو ہٹائے رکھنے کیلئے کچھ کم تدبر وحسن لیاقت ظاہر نہین کر رہا ٹرکی مین آئے دن جھگڑے پیدا کرتے رہنے کا بڑا مدعا یہی ہے جس مدعا کی کامیابی مین سلطنت عثمانیہ کی عیسائی رعایا کی بعض بکھرام جماعتین اوس کو کافی مدد دیتی رہتی ہین۔ مگر بکرے کی مان کب تک خیر منائے گی۔ اگر انگریزون نے مصر کو نہ چھوڑا تو آخر ایک دن یہ خوفناک واقعہ پیش آرہے گا۔ اس امر کو چند مرتبہ شرح وبسط کے ساتھ بتایا جاچکا ہے کہ اعلیٰ حضرت باوجود طاقت وقابلیت رکھنے کے انگریزون کو کیون نہین مصر سے جبراً نکالدیتے۔ (باقی اگلے صفحہ پر)۔

جس کے بطن سے ۱۲ فروری ۱۸۹۵ء کو شہزادی امینہ خانم متولد ہوئی۔ خدیو کا ایک چھوٹا بھائی محمد علی ہے جو
۲۸ اکتوبر ۱۸۷۵ء کو پیدا ہوا۔ اور دو بہنین ہین خدیجہ خانم ۲ مئی ۱۸۷۹ء کو پیدا ہوئین۔ اور نعمت خانم
۱۰ نومبر ۱۸۸۱ء کو۔

اوس کا اعادہ نامناسب ہی اور جو لوگ آجکل کے تعلقات بین الاقوام اور ملکی تدبیرون اور چالون کو سمجھتے ہین۔ وہ بخوبی جانتے
ہین کہ دول یوروپ کا یکبیک متفق ہو کر انگریزون کو مصر سے نکالنے کیلیے کمربستہ ہو جانا امر غیر اغلب ہی۔ اس مواد کے پکنے
کیلیے کچھ عرصہ چاہیے جس کیلیے کل سامان بتدریج مہیا ہو رہے ہین۔ جب تک یہ مواد پختہ ہو ہم اس بحث کو ختم کر کے معاملہ کے دوسرے
رخ کو جسپر اب تک کچھ تحریر نہین ہوا لیتے ہین۔

یوروپین اقوام کو بالعموم اور انگریزی اقوام کو بالخصوص جہان خداوند کریم نے اور قابلیتین اور اوصاف عطا کر رکھے
ہین۔ اونکے ساتھ ایک یہ خاص وصف بھی دیرکھا ہے کہ وہ اپنے افعال کو جو از سرتاپا خود غرضی اور ذاتی منفعت پر مبنی ہون
کمال جسارت سے خالص بے غرضانہ ظاہر کرتے اور ظاہر کرنے مین اصرار کرنے کی قابلیت رکھتے ہین۔ اینگلو انڈین پارٹی کو جانے
دو۔ اس جماعت کے افراد سے شاید ہندوستان کی کم بختی آب و ہوا نے اس وصف کو کسی قدر زایل کر دیا ہے کہ اون مین
سے اکثر یہ کہنے سے دریغ نہین کرتے کہ ہمنے ہندوستان کو بزور شمشیر فتح کیا ہے۔ اور بزور شمشیر اسپر حکمران اور قابض ہین لیکن
انگلستان کے رہنے والون سے پوچھو تو سو مین سے نوے لاریب یہ جواب دینگے کہ ہم محض ہندیون کے فایدہ اور اون کو تہذیب
و آدمیت سکھانے کیلیے ہندوستان پر قابض ہین۔ ہندوستانی آج خود حکومت کرنیکے قابل ہو جائین تو ہم ابھی ہندوستان
سے چلے آتے ہین۔ ہماری کوئی ذاتی غرض اس قبضہ سے وابستہ نہین ہے۔ کوئی ان بزرگوارون سے جو یا تو خود بڑے سادہ لوح
ہین یا مخاطبین کو نرے بیوقوف سمجھتے ہین یہ پوچھے کہ جب کوئی قوم اس قابل ہو جاتی ہے تو وہ دوسری قوم کو اپنے پر حکومت
کب کرنے دیتی ہے۔ مگر خدا کا شکر ہے کہ ہندوستان کی قدرتی صحیح اور ہندوستانیون کی فطرت ہی کچھ ایسی واقعہ ہوئی ہے
کہ ایسا نامراد وقت جس مین ہندوستان انگریزی پر امن حکومت کے فیض و برکت سے محروم ہوسکے کبھی نہین آنے کا۔ خیر یہ تو
جملہ معترضہ تھا۔ مصر بھی بظاہر یہی کہا جاتا ہے کہ ہم فقط مصر اور مصریون کے مفاد کیلیے قابض ہین۔ دلون کا بھید جاننے
والا خدا ہے۔ انسان صرف ظاہر پر حکم لگا سکتا ہے۔ ممکن ہے انگریزون کی اس قبضہ سے نیت کچھ اور ہو مگر ہم صرف
اون کے زبانی اظہار کو معرض بحث مین لانیکے مجاز ہین۔ اور اوسی کی نسبت یہ فیصلہ کرنا ہے کہ وہ کہانتک درست ہی یا غلط۔
انگریز اپنے دعوے کی تایید مین اور اون کے مخالفین فرانس و جرمنی اوسکی تکذیب مین بہت سے ثبوت پیش کرتے ہین۔ یہ دونو
فریق اہل الغرض ہین۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

۱۵ جولائی ۱۸۹۶ء مین خدیو کے ہان ایک اور لڑکی متولد ہوئی ہے +

مصر کا موجودہ حکمران محمد علی کے خاندان کا ساتوان فرمانرواء ہے۔ محمد علی سنہ ۱۸۰۵ء مین مصر کا گورنر مقرر کیا گیا۔ اور سنہ ۱۸۱۱ء مین اوسنے جنگی قوت سے اپنے تئین ملک کا مطلق العنان حاکم بنا لیا۔ سلطان محمود ثانی کے زمانہ مین اوسکی یہ روش رہی کہ کبھی سلطان کا تابع فرمانروا رہا۔ اور کبھی باغی ہو گیا حتی کہ

ہمارے خیال مین خود مصریون کی شہادت سے بڑھکر کوئی دوسری شہادت اسبارہ مین معتبر نہین ہوسکتی۔ ہم اوس کو ذیل مین درج کئے دیتے ہین۔ ناظرین اوس کو پڑھکر خود فیصلہ کرین گے کہ انگریز اپنے دعویٰ مین کہانتک سچے ہین۔ برلن کا اخبار دی پوسٹ مورخہ ۱۴ و ۱۶۔ اکتوبر ایک مصری شاہد کا بیان معہ ضروری تمہید کے حسب ذیل لکھتا ہے:۔

"مصطفیٰ کامل مصری برلن مین وارد ہوا ہے۔ یہ نام ہمارے اخبار کے ناظرین سے پوشیدہ نہین ہم اوسکی پولیٹکل (سیاسیہ) رسالون کا جو اوس نے اپنے وطن مصر سے شائع کئے ہین پہلے ذکر کر چکے ہین۔ آج (۱۴۔ اکتوبر) ہمارا زمانہ نگار اوس سے ملنے گیا۔ اور عرصہ تک اوس سے گفتگو کرتا رہا۔ اس گفتگو مین جو رائین اوسنے بالا ذیل کے استقبال کے متعلق ظاہر کین اون سے پایا جاتا ہے کہ یہ شخص کو اپنے وطن سے صادق محبت ہے۔ اس لئے ہم مکالمہ مذکور کا کچھ حصہ کسی آیندہ پرچہ مین شائع کرین گے"۔ وہ حصہ بعنوان مصر و انگلینڈ ۱۶۔ اکتوبر کے پرچہ مین حسب ذیل درج ہین:۔

"یہ پوشیدہ نہین ہے کہ مسئلہ مصر کا تصفیہ جرمنی کیلئے نہایت ضروری اور فایدہ بخش ہے۔ کیونکہ افریقہ مین ہماری نو آبادیان قایم اور مشرق مین ہماری تجارت کے وسیع ہو جانے سے نہر سویز کا معاملہ ہمارے لئے مہتم بالشان ہو گیا ہے اور ہمارے لئے یہ نہایت ضروری ہو گیا ہے کہ یہ تری کا رستہ آزاد رہے۔ مگر اس مین کوئی شک نہین کہ انگلستان ایکدن وادی نیل کے مالک ہونیکی سعی کرے گا جس کی مراد دوسرے لفظون مین نہر سویز کی ملکیت ہوگی۔ اسی سبب سے ہم آج مصر پر قبضہ انگریزی کے مسئلہ مین مصروف ہوکر اپنے نفس سے یہ سوال کر رہی ہے۔ کیا تو اس قبضہ پر راضی ہے اور اس کو مدت مدید تک ذلت و خواری کے ساتھ برداشت کرے گا یا اوسکی غلامی کے رشتہ سے آزاد ہونا ہے؟

"یہ طبعی امر تھا کہ وہ تمام لوگ جو اپنے وطن کی موجودہ حالت کو دیکھکر کڑھ رہے تھے۔ دول یوروپ کو اپنی امداد پر آمادہ کر کے اون سے اپنے وطن کی آزادی کی کوشش کرانے کیلئے کھڑے ہو گئے۔ محب وطن مصریون نے تخلیہ مصر کے متعلق رسالہ اور پمفلٹ شائع کر کے اقطاع یوروپ مین اپنے خیالات اور ترددات کو مشتہر کر دیا۔ دو مہینے ہوئے ہین کہ ہمنے اسی مسئلہ کے متعلق دو بے نظیر رسالون کا ذکر کیا تھا کہ مشہور مصری نوجوان مصطفیٰ کامل کے قلم سے نکلے ہین جسنے اپنی زندگی اور عمر کا حصہ گرانمایہ اپنے وطن کی خلاصی اور اپنے ملک کو آزاد کرانے پر وقف کر دیا۔

"وہ اپنے کام کی تکمیل کیلئے یوروپ مین سفر کر رہا ہے۔ چنانچہ برلن مین بھی یہان کے ارباب قلم اور مدیرین کو (باقی آگے صفحہ)

آخرکار کھلم کھلا بغاوت کر دی جس کا خاتمہ سنہ ۱۸۴۰ء مین سلطان عبد المجید کے زمانہ مین اسطرحسے ہوا کہ سلطان نے یوروپ کی پانچ دول عظام کی زیر ضمانت ۱۳ فروری سنہ ۱۸۴۱ء کو شہنشاہی خط ہمایون صادر فرما کر محمد علی

مصر کی حالت موجودہ سے واقف کرکے انگریزون کو مصر سے خارج کرنے کی ضرورت کا یقین دلانے کے لئے آیا ہے اور وہ دیگر دار الخلافون اور شہرون مین بھی ایسا کر چکا ہے۔

ہمکو یقین ہے کہ ہمارے ناظرین آزادی مصر کے مسئلہ کے متعلق اس محب وطن مصری کی رائے معلوم کرکے بہت استفادہ حاصل کرین گے یہ مسئلہ ایسا ہے کہ وادی نیل اس مین سے عنقریب حیات تازہ کی جدید فاخرہ پوشاک پہنکر آمد ہوگی اور کل جہان کی توجہ عنقریب اوسپر مبذول ہوگی۔

آج ہم مصطفے کامل اور اپنے نامہ نگار کا مکالمہ درج کرتے ہین۔ وہ لکھتا ہے کہ ہم لوگون کے دلون مین یہ خیال پختگی سے بیٹھا ہوا ہے کہ حامیان آزادی مصلحین مذاہب اور ایسے اغراض کبیرہ کے حصول مین سعی کرنے والے جیسی کہ مصریون کی غرض ہے بزرگان کہن سال ہوتے ہین۔ بنابرین جب مین نے مصطفے کامل مصری کو جو اغیار کے زنجیر غلامی سے اپنے ملک کو آزاد کرانیکے لئے یوروپ مین سیاحت کر رہا ہے نوعمر جوان پایا تو حیرت زدہ رہگیا لیکن اوس کے پاس چند لحظے بیٹھنے سے ہی مجکو یہ بھول گیا کہ مین ایک جوان کے پاس بیٹھا ہوا ہون بلکہ یہ سمجھنے لگ گیا کہ مین ایک معمر پیر مرد سے گفتگو کر رہا ہون جس کو تجارب دنیا اور عمر رسانے آزمودہ کار بنادیا ہوا ہے۔ کیونکہ اوس کے ایک ایک لفظ مین حب وطن کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے عجیب وغریب استقلال اوسکی بات سے ٹپکتا ہے۔ اور اوسکی آنکھونکی چمک بتا دیتی ہے کہ وہ اپنے ارادہ پر راسخ القدم ہے۔ مین نے اوس سے پہلا سوال یہ کیا کہ کس پولٹیکل جماعت نے تمھے برلن آنے پر مامور کیا ہے؟ انھون جواب دیا۔ میرے ملک کی فرائض اور میرے نفس نے۔ کیونکہ جب مین نے اپنے ملک کی دردناک حالت کو دیکھا اور میرے نفس نے مجکو ہوشیار کیا کہ میرے آباو اجداد کے وطن مالوفہ کے بچے بچے حقوق ہین تو اپنے دوستون کے صلاح ومشورہ کے بعد مین نے یوروپ کو آنا ضروری سمجھا۔ مجھے یہ کام اختیار کئے تقریباً دو برس ہوگئے ہین۔ مین انگریزون کے قبضہ کے برخلاف جو صریح ظلمی سعا ہون اور باصراحت وعلانیہ حلفی اقرارون کے باوجود ہمارے ملک پر قابض ہین۔ فریاد کرنے مین مصروف ہون اور جہان کہین مین گیا ہون عدل کے طرف اہل ون نے میری تائید کی ہے اور خدا کا شکر ہے کہ یہی لوگون کی یوروپ مین کمی نہین ہے۔ میری فریاد خواہ اب موثر ہو یا دیر بعد یا اس کا اثر میرے مرنیکے بعد ہو مین جب تک زندہ ہون اپنے وطن کے حقوق ادا کرتا رہونگا۔ اور ہر ایک قوم کے آزادی پسند صاحب ضمیر کے پاس مصر کو آزادی دلانے کیلئے کارروائی کرنے کے واسطے فریاد لیکے جاؤنگا۔ (باقی اگلے صفحہ پر)۔

مصر کا مستقل والی تسلیم کر لیا۔ اور مصر کی حکومت اوس کے خاندان کو ہمیشہ کیلئے عطا کر کے وراثت تخت کے لیئے وہی قانون اور قواعد مقرر کیئے جو تخت قسطنطنیہ کے واسطے مقرر ہین۔ اسمٰعیل پاشا مرحوم سے پہلے حکمران

دوسرا سوال۔ کیا انگریزون پر مصریون کو اعتبار نہین رہا۔ اور تمکو نا امیدی ہوگئی ہے کہ وہ ایفائے وعدہ نہین کرین گے؟

جواب :- بیشک مصریون کو انگریزون پر اعتبار نہین رہا اور ہم سب کو یقین ہوگیا ہے کہ انگریز بر مرضی خود کسی دن بھی اپنے وعدون کو پورا نہین کرینگے۔ اوایل قبضہ مین مصریون کو انگریزون پر بڑا اعتبار تہا۔ ہمکو یہ گمان تک نہین ہوسکتا تہا کہ انگریزون جیسی مہذب اور بزرگ قوم کے لوگ کبھی نقض وعدہ کرین گے اونہی عزت اور دیگر اقوام کی عزت کو بھی چپٹ کر جائین گے۔ اور اونکی عزتون کو مایہ تجارت بنائین گے یہ لوگ جو مصر مین امن قایم کرنے اور مدت قلیل کے بعد واپس چلے جانیکے لیئے داخل ہوئے تھے اب اپنے تئین نیل کے محافظ پکارتے ہین۔

انگریزون کے ہماری نسبت جو کچھ برے ارادے ہین وہ صاف ظاہر ہین حتیٰ کہ لبرل لوگ بھی جو بظاہر کہتے ہین کہ وہ تخلیہ کے معاملہ مین حیثیت نیت رکہتے ہین۔ مسٹر گلیڈسٹون نے پچھلے برس مجھے لکھا تہا کہ کئی برس ہوئے تخلیہ مصر کا وقت پہنچ گیا تھا یعنی کہ اس وقت انگریزون کو مصر کا خالی کر دینا واجب تھا۔ اور اب بھی ہے۔ ایسا تسلی بخش جواب پاکر مین نے مسٹر مارلی کو دوبارہ لکھا کہ آپ مسئلہ پر تقریر کر کے گورنمنٹ کو ایفاء وعدہ کی تحریک کیجیو۔ اور گورنمنٹ ٹرکی کو فقط ایسے عہود کے ایفا پر جو اوس کے بعد اوسکی رعایا کے درمیان ہین مجبور کرنے کی نصیحت کرنے سے پہلے خود اوس کو ایفائے معاہدات کی نصیحت کی جائے۔ مجھے تو اب بھی کہ مسٹر موصوف میری درخواست کو قبول کرین گے۔ مگر وہ یہ جواب دیتے ہین کہ مین اس وقت ایک عام حیثیت کا شخص ہون۔ مجھے مسئلہ مصر مین دخل دینا مناسب نہین مسئلہ آرمینیا مین دخل دینے کے لیئے۔ اور وہ بھی بلا ضرورت۔ یہ سب عذر غایب ہوگئے پس جب اون لوگون کا یہ حال ہے جو تخلیہ مصر کی ضرورت کے قایل ہین تو دوسرے انگریزونکی نیت خود بخود معلوم ہوسکتی ہے!!

تیسرا سوال۔ کیا خدیو بھی انگریزونکی نسبت ایسا ہی خیال رکھتے ہین جیسا کہ اونکی قوم؟

جواب :- بیشک خدیو حب وطن مین کسی مصری سے کم نہین۔ وہ جب سے مسند نشین ہوئے ہین اونکے خیالات ظاہر کر رہے ہین کہ وہ اس قبضہ سے سخت ناراض ہین۔ اور اسی دن سے محب وطن جماعت کو تقویت و طاقت دن بدن بڑھ رہی ہے جو لوگ اونکے اخلاق و صفات سے واقف ہین وہ جانتے ہین کہ اونکی خاموشی ضعف یا ترک حقوق کی وجہ سے نہین ہے بلکہ یہ کہ وہ صابر ہین اور فرصت موقعہ کے منتظر ہین۔ اون کو اپنے خاندان کی تاریخ بخوبی یاد ہے اور اونکو معلوم ہے

۱۹۰۸۵

ولی ہی کہلاتے تھے مگر شاہی فرمان مورخہ ۸ مئی ۱۸۶۶ء کی رو سے ولی کی جگہ خدیو المصر کا خطاب عطا کیا گیا اور اوسی فرمان کی رو سے مصر کا خراج تین لاکھ ساٹھ ہزار پونڈ سالانہ کی جگہ ۷ لاکھ ۲۰ ہزار پونڈ ہو کر تخت مصر کی

